عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353 رجسٹرڈ نمبر
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت 15 روپے
جلد نمبر 21 | بروز منگل 3 نومبر 2026ء/ 22 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 216

ڈی جی آئی ایس پی آر

افغانستان بنیادی اڈہ ہے جہاں سے پاکستان میں دہشتگردی ہوتی ہے

ہمارے پاس دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے واضح حکمت عملی موجود ہے جس کا ایک حصہ یہ ہے کہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کو ختم کرنا ہے

دہشت گردی سے متعلق کچھ ایسے مسائل بھی ہیں جنہیں ہمیں اندرونی طور پر سنبھالنا ہوگا کے پی میں کوئی بھی شخص انسداد دہشت گردی کے آپریشنز کے خلاف نہیں، لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا انٹرویو

اسلام آباد (جی این ایم) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ان سہولت کاروں میں سے ایک خیبر پختونخوا میں نااہل اور لاتعلق حکومت بھی تھی، صوبے میں ایک سہولت کار جو انسداد دہشت گردی میں رکاوٹ پیدا کر رہا تھا وہ اب وہاں موجود نہیں۔ برطانوی خبر رساں ادارے رائٹرز کو دیئے گئے انٹرویو میں ڈی جی آئی ایس پی آر نے دہشت گردی کے خلاف کارروائیوں پر (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

طالبان حکومت کی افغان پناہ گزینوں کو پاکستان بھیجنے کے امریکی منصوبے پر تنقید

امریکہ اس معاملے میں ذمہ دارانہ اور متوازن رویہ اختیار کرے، ضیا احمد تکل

کابل (جی این ایم) افغان طالبان حکومت نے ان رپورٹس پر تشویش کا اظہار کیا ہے جن کے مطابق امریکہ زیرِ حراست افغان پناہ گزینوں کو پاکستان بھیجنے کا منصوبہ بنا رہا ہے۔ بی بی سی رپورٹ کے مطابق طالبان حکومت (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

کلریکل اسٹاف سرکاری نظام کا اہم حصہ ہے، نسیم الرحمٰن ملاخیل

سرکاری ملازمین عوامی خدمت کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، صوبائی مشیر ماحولیات

کوئٹہ (خ ن) صوبائی مشیر برائے ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن خان ملاخیل نے کہا ہے کہ سرکاری اداروں کی مؤثر کارکردگی اور عوام کو بہتر خدمات کی فراہمی میں کلریکل اسٹاف کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ کلرکس (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

وزارتِ صحت اور صحت کہانی کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ٹیلی میڈیسن کی سہولیات کے دائرہ کار کو وسعت دی جائے گی

اسلام آباد (جی این ایم) وزارتِ صحت اور معروف ڈیجیٹل ہیلتھ ٹیک اینڈ (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

مالیاتی نظم و ضبط، برآمدات میں اضافے و نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے، اورنگزیب

رواں مالی سال ترسیلات زر کا حجم 44 ارب ڈالر سے تجاوز کرنے کی توقع، ڈیجیٹل نظام کے فروغ کے ساتھ، سائبر سکیورٹی خطرات سے نمٹنے کیلئے کسی غفلت کی گنجائش نہیں

ریگولیٹری نظام میں ہر قسم کے ڈیجیٹل اثاثے اور ان کی معاشی سرگرمیوں کو الگ مدنظر رکھنا ہوگا، وفاقی وزیر خزانہ کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان کا معاشی استحکام سے پائیدار ترقی کی جانب سفر جاری ہے، مالیاتی نظم وضبط، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 7)



اسلام آباد، چیئرمین سینیٹ، سید یوسف رضا گیلانی پاکستان واٹر ویک کی افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

چائنا کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابلِ تقلید ہے، اسحاق ڈار

چین کی ترقی میں جماعت سازی اور خود احتسابی کا اہم کردار ہے، چین کی کمیونسٹ پارٹی کے وزیر لیو ہائی شنگ کے ہمراہ خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ چائنا کمیونسٹ پارٹی کا عوام سے جڑے رہنے کا ماڈل قابلِ تقلید ہے، چین کی ترقی (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

پائیدار ترقی کے لئے پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے، احسن اقبال

پاکستان نے وژن 2025 کے تحت چوتھے صنعتی انقلاب کی تیاری شروع کی تھی، جدید ٹیکنالوجی اور صنعتی تبدیلیوں کو اپنانا ملکی ترقیاتی حکمت عملی کا اہم حصہ ہے

عالمی سیاسی اور معاشی تبدیلیاں ترقیاتی ترجیحات پر نظر ثانی کا تقاضا کرتی ہیں، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان صنعتی اور معاشی صلاحیتوں کو مضبوط بنانے اور جدید ٹیکنالوجی سے ہم آہنگ ہونے کیلئے کوشاں ہے، جبکہ پائیدار ترقی کیلئے پالیسیوں کا تسلسل ناگزیر ہے۔ اسلام آباد میں ایس ڈی پی آئی (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

ٹک ٹاکر پتلو مفرور، تعلقات سے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے، خواجہ آصف

سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کے لئے کیا، انعامات اس کی انویسٹمنٹ تھی اور کمائی سوشل میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ ٹک ٹاکر پتلو مفرور ہے اور اپنا اثر و رسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا تھا کہ ڈسکہ میں ہونے والے واقعہ کی جنتی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)



اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف جناح میڈیکل اینڈ ریسرچ سینٹر کے قیام پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اپنا گھر اسکیم ہاؤسنگ کی صنعت کو نئی وسعت ملے گی، وزیر اعظم

کسانوں، کاروباری افراد اور گھر بنانے والوں کو قرضوں کی فراہمی آسان بنائی جائے، متعلقہ ادارے مالی مسائل حل کرنے کیلئے جامع لائحہ عمل مرتب کریں، شہباز شریف

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں سہولت کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا کہ چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار، ہاسنگ اور زراعت کی ترقی سے معیشت میں بہتری اور نوجوانوں کو روزگار فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ ایسے ہینکس جو زراعت، ہاسنگ اور چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروباروں کو حکومتی اقدامات کے تحت قرضوں کی آسان فراہمی میں اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کر رہے ہیں، قابل ستائش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومتی اقدامات کے تحت کسانوں، چھوٹے و درمیانے درجے کے کاروبار و ں اور وزیر اعظم اپنا گھر اسکیم میں صارفین کو قرضوں کی فراہمی میں ست روی اختیار کرنے والے ہینکس کے ساتھ اسٹیٹ بینک اور وزارت خزانہ کی طرف سے کسی قسم کی رعایت نہ برتی جائے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ نجی شعبے کی ترقی کے لیے ہینکس کلیدی اہمیت کے حامل ہیں، ترجیحی شعبوں کو قرضوں کی فراہمی میں ہینکوں سے ویسے ہی تعاون کی توقع رکھتے ہیں جیسا تعاون حکومت اور (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

اختلاف کا جواب الزام تراشی نہیں دلیل دیا جائے، فضل الرحمان

قبائلی علاقوں کو طویل عرصے سے تجربہ گاہ بنایا جا رہا ہے انضمام کے 10 سال بعد بھی بندوبستی نظام اور پٹواری سسٹم کے مسائل حل نہ ہو سکے

فاٹا کے مستقبل کا فیصلہ بیرونی مفادات کے بجائے آئینی حقوق اور زمینی حقائق اور پر ہونا چاہیے، سربراہ جمعیت علماء اسلام

اسلام آباد (جی این ایم) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن نے کہا ہے کہ قبائلی علاقوں کو ایک طویل عرصے سے تجربہ گاہ بنایا جا رہا ہے، فاٹا کے انضمام کو تقریباً دس سال گزرنے کے باوجود وہاں بندوبستی نظام کے بنیادی مسائل حل نہیں ہو سکے، جبکہ پٹواری (باقی صفحہ 2 نمبر 31)

برشور، ڈپٹی کمشنر خالد شمس نے انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

بچوں کو پولیو سے محفوظ بنانے کے لیے جامع مائیکرو پلان اور سکیورٹی کے فول پروف انتظامات

برشور (خ ن) ڈپٹی کمشنر برشور فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) خالد شمس نے ضلع میں انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا ہے، اس موقع پر بچے کو انسداد پولیو کے قطرے پلا کر مہم کا آغاز کیا گیا، تقریب کے بعد انسدادِ پولیو ٹیموں سے گفتگو کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ضلع برشور (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

کوئٹہ میں خواتین کی کاروباری نمائش کامیابی سے اختتام پذیر

ویکسنیٹ نمائش خواتین کو معاشی سرگرمیوں میں آگے بڑھنے کے مواقع فراہم کرتی ہے، ڈپٹی کمشنر

کوئٹہ (خ ن) ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان (TDAP) کے زیر اہتمام حکومت بلوچستان، ضلعی انتظامیہ کوئٹہ اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ کے اشتراک سے منعقدہ دو روزہ کاروباری نمائش ''ویکسنیٹ (WEXNET)'' کامیابی کے ساتھ منعقد ہوئی، جس میں ملک بھر سے تعلق رکھنے والی خواتین کاروباری شخصیات، صنعت کاروں، ہنرمند خواتین اور مختلف شعبہ (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

لورالائی میں صوبائی محتسب کی کھلی کچہری کا انعقاد

عوامی شکایات کے ازالے میں غفلت اور تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی، ریجنل ڈائریکٹر

لورالائی (خ ن) لورالائی ڈسٹرکٹ کونسل ہال میں صوبائی محتسب بلوچستان کی جانب سے کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، جس کی صدارت صوبائی محتسب کے ریجنل ڈائریکٹر عبدالغفار میاں خیل نے کی۔ کھلی کچہری میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی احمد زیب کاکڑ، ڈی ایس پی کریم مندوخیل سمیت مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور سربراہان نے شرکت کی کھلی کچہری میں لورالائی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

گوادر میں ہلاک دہشت گرد کے والد اور بھائی کی پریس کانفرنس، ندامت کا اظہار

گوادر (جی این ایم) گوادر میں سکیورٹی فورسز کے ہاتھوں ہلاک ہونے والے فتنہ الہندوستان کے دہشت گرد شکیل احمد کے (باقی صفحہ 2 نمبر 30)

جام کمال خان کامسیک کے 42 ویں وزارتی اجلاس میں شرکت کیلئے استنبول پہنچ گئے

استنبول (جی این ایم) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اسلامی تعاون تنظیم (او آئی سی) کی قائمہ کمیٹی برائے اقتصادی و تجارتی تعاون (کامسیک) کے 42 ویں وزارتی اجلاس (باقی صفحہ 2 نمبر 29)



سیول، چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی کوریائی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس سے ملاقات کر رہے ہیں

گنداخہ: محلّہ میر جبل خان جمالی بنیادی شہری سہولیات سے محروم

اسٹریٹ لائٹس اور سیوریج سسٹم کی فراہمی کے دعوے زمینی حقائق کے برعکس ہیں، سماجی رہنما میجر جمالی

گنداخہ (جی این ایم): سماجی رہنما میجر جمالی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ میونسپل کمیٹی گنداخہ کی جانب سے شہر کے اہم محلے میر جبل خان جمالی کو مسلسل نظر انداز کیا جا رہا ہے، جہاں تاحال بنیادی شہری سہولیات کی عدم فراہمی کے باعث مکین مشکلات سے دوچار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چند روز قبل محلّہ میر جبل خان جمالی میں اسٹریٹ لائٹس کی تنصیب اور سیوریج سسٹم (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

کچھی، محکمہ تعمیرات و مواصلات ڈھاڈر کے ملازمین ڈیوٹیوں سے غائب

ڈھائی سو سے زائد ملازمین گھر بیٹھے تنخواہیں بٹورنے میں مصروف ایکسیئن کچھی بے بس

بولان (جی این ایم) بلوچستان کے ضلع کچھی میں محکمہ تعمیرات و مواصلات ڈھاڈر بدانتظامی کا گڑھ بن گیا ہے ڈھائی سو سے زائد ملازمین کی ڈیوٹیوں سے طویل غیر حاضری اور گھر بیٹھے کروڑوں روپوں کی تنخواہیں وصول کرنے کا سنسنی خیز انکشاف سامنے آیا ہے جس سے صوبائی حکومت کے خزانے کو ماہانہ بنیادوں پر کروڑوں روپے کا بھاری نقصان پہنچ رہا ہے غیر حاضر ملازمین کی وجہ سے صوبائی حکومت کو سالانہ کروڑوں روپے کا چونا لگایا جا رہا ہے زرائع کے مطابق ایکسیئن (باقی صفحہ 2 نمبر 27)



اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال 29 ویں پائیدار ترقی کی کانفرنس اور چوتھی سسٹین ایبل انویسٹمنٹ ایکسپو سے خطاب کر رہے ہیں

آئینی عدالت سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں، وفاقی آئینی عدالت

آئینی عدالت سپریم کورٹ سے صرف رہنمائی لے سکتی ہے، سپریم کورٹ کے فیصلوں کی آئینی عدالت کیلئے صرف دلیل کی حیثیت ہے

بلا جواز اور بدنیتی پر مبنی درخواستوں پر 25 ہزار روپے جرمانہ ہوگا اجازت ملنے کے بعد ہی درخواست اپیل کی حیثیت اختیار کرتی ہے، فیصلہ

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ وہ سپریم کورٹ کے فیصلوں کی پابند نہیں بلکہ ان سے صرف رہنمائی لے سکتی ہے۔ سپریم کورٹ کی قانونی نظیر اسی صورت اختیار کی جا سکتی ہے جب وہ آئین اور قانون سے مطابقت رکھتی ہو۔ وفاقی آئینی عدالت نے نظر ثانی درخواستوں کے دائرہ کار سے متعلق اہم اصول وضع کر دیئے۔ جسٹس عامر فاروق اور جسٹس روزی خان مینظر ثانی کیس کا فیصلہ سنایا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر 11)

غزہ میں اسرائیلی فائرنگ سے 4 فلسطینی شہید

غزہ (جی این ایم) جنوبی غزہ میں ناصر میڈیکل کمپلیکس کے طبی حکام نے بتایا کہ اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے 24 گھنٹے کے دوران 4 فلسطینی شہید اور 10 دیگر زخمی ہوگئے۔ خان یونس کے مغرب میں المواسی، مشرقی دیر البلاح (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

پاکستان میں مہنگائی کی سالانہ شرح 9.61 فیصد تک پہنچ گئی

اسلام آباد (جی این ایم) ملک میں اکتوبر 2026 کے دوران مہنگائی کی شرح میں ماہانہ بنیادوں پر 1.08 فیصد اضافہ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی شرح (باقی صفحہ 2 نمبر 13)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل معرکہ حق میں فتح حاصل کرنے کے بعد پاکستان کا ابھرتا ہوا کردار کے موضوع پر قومی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

صحافیوں کیخلاف جرائم پر خاموشی انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے، بلاول

پیپلز پارٹی آزادی صحافت، آزادی اظہار اور صحافیوں کے تحفظ کیلئے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی، چیرمین پاکستان پیپلز پارٹی

آزاد صحافت کے بغیر نہ جمہوریت مضبوط ہو سکتی ہے اور نہ ہی عوام باخبر اور بااختیار بن سکتے ہیں، صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر پیغام

کراچی (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ صحافیوں کے خلاف جرائم پر خاموشی اختیار کرنا سچ اور انصاف کی آواز دبانے کے مترادف ہے۔ صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں بلاول بھٹو نے کہا کہ صحافیوں کو دھمکیوں، تشدد، ہراسانی اور قتل جیسے سنگین جرائم سے محفوظ رکھنا ریاست اور معاشرے کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ جبکہ ایسے جرائم میں ملوث افراد کو سزا سے بچنے دینا عوام کے حقِ آگاہی کو خاموش کرنے کے برابر ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی عوام تک حقائق پہنچانے، طاقت کے ایوانوں کا احتساب کرنے اور معاشرے میں شعور و آگاہی پیدا کرنے میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں۔ صحافیوں کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر کا قانون کی گرفت سے بچ نکلنا آزادی صحافت، جمہوریت (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

ریاستی اداروں پر گمراہ کن الزامات، سہیل آفریدی کو عدالت میں پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد کی مقامی عدالت نے سہیل آفریدی کیخلاف ریاستی اداروں پر گمراہ کن الزامات کے کیس میں عدم حاضری پر سہیل آفریدی کے ناقابل ضمانت (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

ہزارہ ٹاؤن پولیس کی کارروائی، 4 کلو گرام چرس برآمد، ملزم گرفتار کر لیا گیا

کوئٹہ (جی این ایم) ایس ایچ او تھانہ ہزارہ ٹاؤن تنویر احمد باجوہ نے کہا ہے کہ ایس پی آپریشنز ضیاء مندوخیل کی نگرانی اور (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

پارلیمان میں خواتین کا مؤثر کردار معاشرے کی ترقی کی ضمانت ہے، سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری

خواتین کی پارلیمانی نمائندگی محض نشستوں تک محدود نہیں، قانون سازی اور قومی پالیسی سازی میں اہم کردار ہے

اسلام آباد (جی این ایم) چیئرپرسن سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ خواتین کا پارلیمنٹ، سینیٹ اور قانون سازی کے عمل میں مؤثر کردار ایک مضبوط، ترقی پسند اور منصفانہ معاشرے کی تشکیل کے لیے ناگزیر ہے۔ خواتین صرف آبادی کا ایک بڑا حصہ ہی نہیں بلکہ معاشرتی، معاشی اور قومی ترقی کی اہم شراکت دار بھی ہیں۔ ان کی صلاحیتوں، (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

نورین نیازی کی دو بیٹیوں کو ملاقات کی اجازت مل گئی

ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں کی نظر بندی اور ملاقات کے درخواست پر سماعت کی

لاہور (جی این ایم) لاہور ہائیکورٹ نے نورین نیازی کی دو بیٹیوں کو کل ملاقات کی اجازت دے دی۔ ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان کی بہنوں کی نظر بندی اور ملاقات کے درخواست پر سماعت کی۔ عدالت نے 4 نومبر کو ڈی سی لاہور کو ذاتی حیثیت میں طلب کرتے ہوئے نظر بندی کی درخواست پر جواب بھی طلب کر لیا۔



اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے بنگلہ دیشی وزیر اعظم کے مشیر خزانہ راشد المحمود وفد ملاقات کر رہا ہے

آئندہ چند روز میں ایرانی 7 نکاتی تجویز پر عملدرآمد کا امکان ہے، اسماعیل بقائی

کسی بھی معاہدے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کے لیے امریکی بحری ناکہ بندی کا خاتمہ اور ایران کے مطالبات کی منظوری ضروری ہے

اسرائیل مغربی ایشیا میں عدم استحکام کی بنیادی وجہ ہے، ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کی پریس کانفرنس

تہران (جی این ایم) ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ امریکا کے ساتھ مذاکرات کی بنیاد ایرانی 7 نکاتی تجویز ہے، گیند امریکا کے کورٹ میں ہے۔ تہران میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے ترجمان ایرانی وزارت خارجہ نے کہا ہے کہ آئندہ چند روز میں ایرانی 7 نکاتی تجویز پر عمل درآمد کا امکان موجود ہے۔ انہوں نے کہا کہ اب گیند امریکا کے کورٹ میں ہے اور ایران کے مطالبات بالکل (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

سرکاری افسران کے لیے ڈیجیٹل گورننس اور اے آئی پر تین روزہ کورس کا آغاز

ڈیجیٹل گورننس تربیتی کورس: بہتر طرزِ حکمرانی اور عوام کو بروقت خدمات کی فراہمی پر زور

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان سول سروس اکیڈمی (BCSA) نے 'اکاؤنٹیبلٹی لیب پاکستان' کے اشتراک سے مختلف صوبائی محکموں کے سرکاری افسران کے لیے ڈیجیٹل گورننس کے عنوان سے پیر کے روز تین روزہ تربیتی کورس کا آغاز کر دیا ہے۔ اس کورس کا مقصد 'ڈیجیٹل گورننس' اور سرکاری امور میں 'آرٹیفیشل انٹیلی جنس' (مصنوعی ذہانت) کے استعمال کے ذریعے عوام کو بروقت خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے۔ ٹریننگ کورس کے افتتاح کے موقع پر ڈویژنل اعلیٰ بلوچستان کی (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

پنجاب میں کرپشن کی فائلیں نہیں الماریاں بھر گئی ہوں گی، چوہدری سالک

میرے پاس شواہد تو نہیں ہیں مگر پنجاب میں کرپشن کی کہانیاں روز سنتا ہوں، صوبے کا سارا بجٹ لاہور چلا جاتا ہے اور پھر ان کی مرضی ہے کہ کیسے تقسیم کریں

جہاز کا ذاتی استعمال نہیں ہونا چاہیے، اگر سرکاری استعمال کیا جا رہا ہے تو واپس آ کر نتائج بھی بتائیں کہ دورے سے کیا حاصل ہوا، گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر داخلہ محسن نقوی اور قیصر احمد شیخ کے بعد وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز چوہدری سالک حسین بھی نظام کی ناکامی پر بول پڑے اور کہا پنجاب میں کرپشن کی فائلیں نہیں الماریاں بھر گئی ہوں گی۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے ملک کے موجودہ سیاسی و انتظامی نظام اور پنجاب حکومت کی کارکردگی پر شدید تنقید کی اور کہا کہ قیصر احمد شیخ نے نظام سے متعلق جو باتیں کی ہیں وہ حقیقت اور سچ پر مبنی ہیں (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

تحریک تحفظ آئین پاکستان کا بیرسٹر سیف کے بیان پر سخت ردعمل، شوکاز نوٹس دینے کا مطالبہ

بیرسٹر سیف کی اب نوکری چلی گئی ہے، ان کا پی ٹی آئی سے بھی کوئی تعلق نہیں، اخونزادہ حسین یوسفزئی

اسلام آباد (جی این ایم) تحریک تحفظ آئین پاکستان نے بیرسٹر سیف کے بیان پر سخت ردعمل دیتے ہوئے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر اور سلمان اکرم راجا سے درخواست کی ہے کہ انہیں شوکاز اور شٹ اپ کال دی جائے۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ترجمان تحرک تحفظ آئین پاکستان اخونزادہ حسین یوسفزئی نے کہا کہ بیرسٹر سیف کی اب نوکری چلی گئی ہے، انہیں کوئی لفٹ نہیں کروا رہا اور ان کا پی ٹی آئی سے بھی کوئی تعلق نہیں ہے، وہ کس حوالے (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

اوتھل: CIA لسبیلہ کی کامیاب کارروائی، ڈسٹرکٹ پولیس حب کو مطلوب اشتہاری ملزم گرفتار

اوتھل (رپورٹ-عزیز یوسفزئی) ایس ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کی خصوصی ہدایات پر انچارج CIA لسبیلہ جان محمد جاموٹ نے (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

درآمدی گیس بردار جہاز پورٹ قاسم پہنچ گیا، ایل پی جی بحران میں کمی کی امید

کراچی (جی این ایم) ملک میں ایل پی جی بحران میں کمی کی امید پیدا ہوگئی، درآمدی ایل پی جی لے کر آنے والا جہاز پورٹ قاسم پہنچ گیا۔ تفصیل کے مطابق ایم ٹی علیشاون (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

بلوچستان ہائی کورٹ نے پی بی 42 کوئٹہ کی انتخابی عذرداری باقاعدہ سماعت کے لیے منظور کر لی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان ہائی کورٹ نے حلقہ پی بی 42 کوئٹہ فائیو سے متعلق انتخابی عذرداری باقاعدہ سماعت کے لیے (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت: 15 روپے

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03136823946/03327865820
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

پاکستان کا مستقبل اور امن و امان کی صورتحال

از قلم /// غلام رسول بلوچ

پاکستان موجودہ وقت میں ایک اہم تاریخی اور معاشی موڑ پر کھڑا نظر آتا ہے، جہاں داخلی سلامتی، معاشی اصلاحات اور سیاسی استحکام گہرائی سے آپس میں جڑے ہوئے ہیں۔ امن و امان اور داخلہ صورتحال کے چیلنجز میں سب سے بڑا چیلنج بیرونی اسپانسرڈ دہشت گردی ہے، جس نے ریاست پاکستان کے امن و امان کو بے حد متاثر کیا ہوا ہے، بلوچستان اور خیبر پختون خواہ میں دہشت گردی اور سیکورٹی کے چیلنجز انتہائی سنگین ہیں۔ جن کی وجہ سے قومی و عسکری املاک پر حملوں اور نقصانات کا سامنا ہے۔ حکومت اور عسکری قیادت کی طرف سے عزم استحکام آپریشن کے ذریعے مضبوط اور موثر کارروائیاں کی جا رہی ہیں۔ دہشت گردی اور ان کی سہولت کاری کے سدباب کے لیے حکومت اور عسکری قیادت پرعزم ہیں۔ جامع اور موثر کارروائیوں کے نتیجے میں دہشتگردی کے ناسور کو بڑا نقصان پہنچا ہے۔ پاکستانی قوم اور ملک کے قومی سلامتی کے ادارے دہشت گردی کے ناسور کے خاتمے کے لیے پرعزم ہیں۔ حکومت اور عسکری قیادت نے ملک میں پائیدار امن کے لیئے عزم استحکام ویژن کے تحت جامع کارروائیوں پر زور دیا ہے، جس کا مقصد سیاسی، سفارتی اور عسکری سطح پر مشترکہ لائحہ عمل تیار کرنا ہے، ریاست کا مفاد پہلے ہے انتشار اور فساد کی سیاست ملک کے لیے انتہائی نقصان دہ ہے، داخلی امن اور معاشی استحکام دونوں ایک دوسرے کے لیے لازم و ملزوم ہیں، حکومتی ویژن کے مطابق پاکستان کا تابناک اور روشن مستقبل نوجوانوں کی تعلیم جدید مہارتوں اور تیکنیکی ترقی سے وابستہ ہے، جب نوجوان اپنی تعلیم اور ہنر سے آگے بڑھیں گے تو قوم ترقی کرے گی۔ قوم کے نوجوان شعوری وابستگی کے ساتھ ملکی وقار اور پہچان میں اپنا کردار ادا کر کے پاکستان کے روشن مستقبل کی ضمانت بن سکتے ہیں۔ اسکے ساتھ ساتھ قومی یکجہتی اور معاشرتی زندگی میں ٹھہراؤ قوم کی مضبوطی کا باعث بن سکتے ہیں۔ پاکستان کے امن کے لیے قوم کو اپنے قومی اداروں کے شانہ بشانہ رہ کر ملک کے خلاف سازشوں اور منفی بیانیوں و پروپیگنڈوں کا توڑ کرنا ہو گا۔ مضبوط قوم، مضبوط پاکستان ہمارے روشن مستقبل کی نوید ہے۔ پاکستان میں سیاحت کے بھرپور مواقع ہیں جن سے فائیدہ اٹھایا جا سکتا ہے۔ میگا پروجیکٹس پر کام کی تیزی سے ملک ترقی کرے گا اور نئے راہیں متعین ہونگی۔ پاکستان دشمن عناصر پاکستان کو عدم استحکام سے دوچار کرنے کے لیے قومی و عسکری ترقیاتی کاموں پر حملہ آور ہیں تاکہ ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کو روک کر ترقی کے عمل کو متاثر کیا جا سکے۔ قوم کے اتحاد اور یکجہتی سے مکروہ عزائم اور سازشوں کو روکا جا سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ پاکستان کا حامی و ناصر ہو آمین

☆☆☆☆

خیبر پختونخوا میں جنگلات کو آگ سے بچانے کیلئے حفاظتی اقدامات

خیبر پختونخوا میں جنگلات کو آتشزدگی سے محفوظ بنانے کیلئے حفاظتی اقدامات تیز کردیئے گئے۔ محکمہ جنگلات نے باری کوٹ بلاک میں فائر لائنز کے قیام کا کام مکمل کرلیا ہے، جہاں ایک ماہ کے دوران مجموعی طور پر 8.2 کلومیٹر طویل فائر لائن قائم کی گئی ہے۔ محکمہ جنگلات کے مطابق 19 سے 29 اکتوبر 2026 کے دوران باری کوٹ بلاک میں مزید 3.4 کلومیٹر فائر لائن تعمیر کی گئی۔ یہ فائر لائنز کمپارٹمنٹ نمبر 14، 36 اور 45 کی پہاڑی چوٹیوں اور قدرتی ڈھلوانوں پر قائم کی گئی ہیں۔ فائر لائنز کا قیام فارسٹ ڈویلپمنٹ فنڈ (ایف ڈی ایف) سکیم کے تحت عمل میں لایا گیا، جبکہ ان کی تعمیر میں یومیہ اجرت پر کام کرنے والے مزدوروں نے حصہ لیا۔ محکمہ جنگلات کے مطابق فائر لائنز کے راستوں سے جھاڑیوں اور آتش گیر مواد کی صفائی کا کام بھی مکمل کرلیا گیا ہے۔ جنگلات میں آگ کے پھیلاؤ کو روکنے کیلئے حفاظتی پٹیوں کا قیام ایک اہم اقدام ہے۔ محکمے کا کہنا ہے کہ فائر لائنز کی تعمیر سے ہنگامی حالات میں آگ بجھانے والی ٹیموں کو متاثرہ علاقوں تک رسائی میں سہولت ملے گی۔ محکمہ جنگلات کے مطابق جنگلات کے تحفظ، بحالی اور پائیدار انتظام کے لئے پیشگی حفاظتی اقدامات جاری رکھے جائیں گے، جبکہ جنگلات کو آتشزدگی کے تباہ کن اثرات سے محفوظ بنانے کیلئے موثر حکمت عملی پر عمل درآمد بھی جاری ہے۔

(01)

ٹیلی میڈیسن ادارے صحت کہانی کے درمیان ٹیلی میڈیسن کی سہولیات کے فروغ اور دائرہ کار کو مزید وسعت دینے کے لیے مفاہمتی یادداشت پر دستخط کیے گئے۔ اس سلسلے میں وزارت صحت میں منعقدہ تقریب سے وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے خطاب کیا۔ وفاقی وزیر صحت سید مصطفیٰ کمال نے کہا کہ آج ہم نے ایک اور اہم سنگ میل عبور کیا ہے۔ ٹیلی میڈیسن منصوبے کا پہلا مرحلہ مکمل ہو چکا ہے اور آج دوسرے مرحلے کا باقاعدہ آغاز کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پہلے مرحلے میں صحت کہانی کے اشتراک سے 10 ٹیلی میڈیسن سینٹرز قائم کیے گئے تھے، جبکہ دوسرے مرحلے میں مزید 10 سینٹرز قائم کیے جا رہے ہیں۔ اس کے علاوہ پمز کی او پی ڈی اور ٹراما سینٹر کو بھی ٹیلی میڈیسن کے نظام سے منسلک کیا جا رہا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہماری ہر ممکن کوشش ہے کہ عام آدمی کی زندگی میں بہتری لائی جا سکے۔ ٹیلی میڈیسن کی سہولت کے فروغ سے بڑے اسپتالوں پر مریضوں کا دباؤ کم ہوگا اور عوام کو گھر کی دہلیز پر مستند اور اچھے ڈاکٹروں کی خدمات میسر آئیں گی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے موجودہ دور میں عوام کو گھر بیٹھے طبی سہولیات کی فراہمی ایک اہم پیش رفت ہے۔ صحت کہانی کی جانب سے ڈاکٹروں کی خدمات مفت فراہم کی جا رہی ہیں، جبکہ ڈاکٹروں کی فیس بھی صحت کہانی خود ادا کر رہی ہے۔ مصطفیٰ کمال نے بتایا کہ ٹیلی میڈیسن کے ذریعے اب تک عوام کے تقریباً 7 کروڑ روپے بچائے جا چکے ہیں، حالانکہ اس نظام کو شروع ہوئے ابھی چند ہی دن ہوئے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹیلی میڈیسن کے نظام میں 500 نئے ڈاکٹروں کا اضافہ کیا گیا ہے۔ وزارت صحت صحت کہانی کو مراکز کے لیے جگہ اور ادویات فراہم کر رہی ہے، جبکہ ڈاکٹروں کی فیس کی ادائیگی صحت کہانی کی ذمہ داری ہے۔ وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ ٹیلی میڈیسن کی سہولت کو گلگت بلتستان سمیت ملک کے مختلف علاقوں تک وسعت دی جا رہی ہے تاکہ دور دراز علاقوں کے عوام بھی معیاری طبی سہولیات سے مستفید ہو سکیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حکومت عوام کو بہتر، آسان اور قابل رسائی طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے ایسے اقدامات جاری رکھے گی۔

(02)

سرکاری نظام کا ایک اہم حصہ ہیں اور دفتری امور کی انجام دہی، ریکارڈ کی دیکھ بھال اور انتظامی معاملات کو مؤثر انداز میں آگے بڑھانے میں ان کی خدمات قابل قدر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن بلوچستان کے زیر اہتمام منعقدہ حلف برداری کی تقریب سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں سیکرٹری ماحولیات نور احمد پرکانی ڈی جی ماحولیات ظہور احمد بلوچ اور آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کے صوبائی عہدیداران اور ماحولیات یونٹ کی نو منتخب کابینہ کے علاوہ افسران و اہلکاران نے شرکت کی صوبائی مشیر نے نو منتخب عہدیداران کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ کسی بھی تنظیم کی اصل طاقت اس کے اتحاد، نظم و ضبط اور اجتماعی جدوجہد میں مضمر ہوتی ہے۔ امید ہے کہ نو منتخب کابینہ ملازمین کی فلاح و بہبود، جائز مسائل کے حل اور ان کے حقوق کے تحفظ کے لیے مثبت اور تعمیری کردار ادا کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری ملازمین عوامی خدمت کے نظام میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں۔ ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، محنت اور ذمہ داری کے احساس کو تسلیم کرنا اور انہیں سازگار ماحول فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ صوبائی مشیر نے کہا کہ ملازمین کو بھی چاہیے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں دیانت داری، محنت اور احساس فرض کے ساتھ ادا کریں تاکہ عوام کو سرکاری اداروں سے بہتر سہولیات میسر آ سکیں۔ صوبائی مشیر نسیم الرحمٰن ملا خیل نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں اداروں کی بہتری، انتظامی اصلاحات اور عوامی خدمات کے معیار کو بلند کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے، جس میں سرکاری ملازمین کا تعاون انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ آل پاکستان کلرکس ایسوسی ایشن کی نئی قیادت ملازمین کے مسائل کو متعلقہ فورمز پر مؤثر انداز میں اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ سرکاری اداروں کی بہتری اور عوامی خدمت کے جذبے کو فروغ دینے میں بھی اپنا کردار ادا کرے گی۔ تقریب کے آخر میں صوبائی مشیر ماحولیات و موسمیاتی تبدیلی نسیم الرحمٰن ملا خیل نے نو منتخب عہدیداران سے ان کے عہدوں کا حلف بھی لیا۔ اس موقع پر نو منتخب صدر نے سپاسنامہ پیش کیا صوبائی مشیر نے سپاسنامہ میں پیش کئے گئے مطالبات میں سے کچھ پر فوری اقدامات کرنے کے لئے متعلقہ حکام کو موقع پر احکامات جاری کئے باقی ماندہ مطالبات کے حل کے لئے یقین دہانی بھی کرائی۔

(03)

کی وزارت خارجہ کے شعبہ تعلقات عامہ و مواصلات کے سربراہ ضیا احمد تکل نے کہا کہ اسلامی امارت افغانستان ان خبروں پر گہری تشویش کا اظہار کرتی ہے کہ امریکہ ایسے افغان پناہ گزینوں کو، جنہیں ابھی تک قانونی رہائشی دستاویزات حاصل نہیں ہوئیں، پاکستان بھیجنے کا ارادہ رکھتا ہے۔ انہوں نے امریکہ پر زور دیا کہ وہ اس معاملے میں ذمہ دارانہ اور متوازن رویہ اختیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ افغان شہریوں کے مستقبل سے متعلق کوئی بھی فیصلہ یا اقدام دونوں ممالک کے درمیان واضح مفاہمت، ضروری رابطہ کاری اور متعلقہ افراد کے حقوق اور جائز مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جانا چاہیے۔ ضیا احمد تکل نے مزید کہا کہ کسی تیسرے ملک کے لئے یہ مناسب نہیں کہ وہ کسی دوسرے ملک کے شہریوں کے مستقبل کو سودے بازی کا موضوع بنائے، چاہے یہ محدود اور عارضی فوائد کے حصول کے لیے ہو یا کسی اور مقصد کے تحت۔ ایسے فیصلے انسانی وقار، حقوق اور تسلیم شدہ اخلاقی و انسانی اصولوں کے منافی ہو سکتے ہیں۔ اس سے قبل متعدد بین الاقوامی ذرائع ابلاغ نے رپورٹ کیا تھا کہ ٹرمپ انتظامیہ کئی افغان پناہ گزینوں کو پاکستان کے راستے افغانستان واپس بھیجنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہے۔ واضح رہے کہ گذشتہ سال امریکی حکومت نے ہزاروں افغانوں کو عارضی طور پر ملک بدری سے تحفظ دینے والا پروگرام ختم کر دیا تھا، جس کا طالبان نے اس وقت خیر مقدم کیا تھا۔

(04)

واضح کیا کہ ہمارے پاس دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے ایک واضح حکمت عملی موجود ہے جس کا ایک حصہ یہ ہے کہ پاکستان کے اندر دہشت گردوں اور ان کے تمام سہولت کاروں کو ختم کرنا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گردی سے متعلق کچھ ایسے مسائل بھی ہیں جنہیں ہمیں اندرونی طور پر سنبھالنا ہوگا۔ خیبر پختونخوا میں کوئی بھی شخص انسداد دہشت گردی کے آپریشنز کے خلاف نہیں ہے، وہی لوگ انسداد دہشت گردی کی مخالفت کرتے ہیں جن کا ان دہشت گردوں سے گٹھ جوڑ ہے۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ خیبر پختونخوا میں کسی بڑے فوجی آپریشن کے بجائے انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن ہو رہے ہیں اور سیکیورٹی فورسز روزانہ کی بنیاد پر تقریباً 200 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کرتی ہیں۔ انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز پولیس، فوج اور قانون نافذ کرنے والے دیگر ادارے مشترکہ تعاون سے کرتے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ہماری ذہنیت بھارت کی طرح نہیں ہے کہ ہم تمام داخلی مسائل کو بیرونی قرار دیں اور ہم یہ نہیں کہتے کہ پاکستان میں تمام دہشت گردی صرف افغانستان کی وجہ سے ہے بلکہ افغانستان وہ بنیادی اڈہ ہے جہاں سے پاکستان میں دہشت گردی ہوتی ہے جہاں دہشت گردوں کی قیادت، ان کے تربیتی کیمپ اور لانچ پیڈز موجود ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ انسداد دہشت گردی کا کسی بھی ملک یا فوج کے پاس وہ تجربہ نہیں جو ہمارے پاس گزشتہ 20 سال سے لڑنے کی وجہ سے ہے، خیبر پختونخوا کے لوگوں نے اس دہشت گردی کی وجہ سے سب سے زیادہ مصائب برداشت کیے ہیں۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے غیور عوام بہادر ہیں اور پاکستانی معاشرے کا ایک بہت خاص حصہ ہیں۔ پشتونوں سے بہتر کوئی لوگ نہیں، وہ اپنی روایات پر فخر کرنے والے ہیں، خیبر پختونخوا کے عوام امن واستحکام کا مطالبہ کرتے ہیں اور وہ اس کے مستحق بھی ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری کا کہنا تھا کہ حکومت کے خاتمے سے متعلق سوال ایک سیاسی سوال ہے جس کا جواب سیاستدان ہی بہتر دے سکتے ہیں، البتہ ہم جو سمجھتے اور جانتے ہیں وہ یہ ہے کہ حکومت کی تبدیلی آئینی و قانونی ضوابط کے مطابق ہوئی تھی۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ دہشت گرد اپنے آقاؤں کے اشاروں پر بلوچستان کی ترقی اور ترقیاتی منصوبوں کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بلوچستان میں دہشت گرد نہ صرف مائننگ بلکہ ایل پی جی ٹرکوں، اسکولوں اور اساتذہ پر بھی حملے کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گرد پلوں اور ریلوے لائنوں کو بھی تباہ کرنے کی کوشش کرتے ہیں تاکہ معاشی سرگرمیاں معطل ہو سکیں، ہر وہ چیز جو مقامی آبادی کو روزگار اور معاشی قوت فراہم کرے، دہشت گرد اسے نشانہ بناتے ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چوہدری نے کہا کہ بلوچستان کی اشرافیہ عام عوام کو غریب اور ان پڑھ رکھ کر اپنا اثر و رسوخ قائم رکھنا چاہتی ہے، دہشتگرد اور اشرافیہ بلوچ عوام کو غربت اور پسماندگی میں رکھنا چاہتے ہیں تاکہ محرومی کا بیانیہ برقرار رہے، بلوچستان میں دہشت گردوں اور اشرافیہ کا گٹھ جوڑ ہے، کیونکہ دونوں ہی صوبے کی ترقی کے مخالف ہیں۔

(05)

کے زیراہتمام 29ویں پائیدار ترقی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال کا کہنا تھا کہ عالمی سیاسی اور معاشی تبدیلیاں ترقیاتی ترجیحات پر نظرثانی کا تقاضا کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مشرق وسطیٰ کے تنازعات اور یوکرین جنگ کے اثرات عالمی معیشت، توانائی اور خوراک کی قیمتوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔ وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پاکستان نے وژن 2025 کے تحت چوتھے صنعتی انقلاب کی تیاری شروع کی تھی، جدید ٹیکنالوجی اور صنعتی تبدیلیوں کو اپنانا ملکی ترقیاتی حکمت عملی کا اہم حصہ ہے۔

(06)

مذمت کی جائے کم ہے، ایک ٹک ٹاکر جس کو پتلو کے نام سے پکارا جاتا ہے اپنے شادی کی تقریب پر قیمتی انعامات کا اعلان کر کے جس میں بھاری کیش بھی شامل ہے پبلک کو اکٹھا کر لیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ سارا ڈرامہ اس ٹک ٹاکر نے مزید کمائی کے لئے کیا، انعامات اس کی انویسٹمنٹ تھی اور کمائی سوشل میڈیا سے۔ ان کا کہنا تھا کہ علاقہ کے غریب عوام کی غربت کا مذاق بنایا گیا اور ایک بڑے ہجوم میں بھگدڑ میں دو انسانی جانیں گئیں اور درجنوں لوگ زخمی ہوئے، ٹک ٹاکر مغرور ہے اور اپنا اثر و رسوخ استعمال کر کے قانون کو بے اثر بنا رہا ہے۔ خواجہ آصف نے مزید کہا کہ بے لگام سوشل میڈیا معاشرے اور ریاست کے لئے زہر قاتل ثابت ہو سکتا اس کا احتساب ہونا چاہیے، یہ ٹک ٹاکر کروڑوں نہیں اربوں کما رہے ہیں کیا ٹیکس قوانین ان کو ریگولیٹ کر رہی ہیں؟۔

(07)

پاکستان بینکس ایسوسی ایشن کی تقریب سے ورچوئل خطاب کرتے ہوئے وزیر خزانہ نے کہا کہ پاکستان کو ایسی مالیاتی جدت چاہیے، جو کاروباری لاگت کم کرے اور زیادہ افراد کو باضابطہ معیشت کا حصہ بنائے، ڈیجیٹل اثاثوں کو مالیاتی نظام میں جگہ، حقیقی معاشی فوائد اور کاروباری آسانی کی بنیاد پر ملنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا سفر معاشی استحکام سے، پائیدار ترقی کی جانب جاری ہے، مالیاتی نظم و ضبط، برآمدات میں اضافے اور نجی سرمایہ کاری کا فروغ ناگزیر ہے، ڈیجیٹل جدت، مالیاتی نظام کو زیادہ افراد تک پہنچانے اور کاروباری خدمات میں موثر معاون ہونی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ بلاک چین نیٹ ورکس پر ادارہ جاتی صارفین کے لئے ڈپازٹ ٹوکنز کا استعمال ڈیجیٹل مالیاتی جدت کی عملی مثال ہے، بینک فار انٹرنیشنل سیٹلمنٹس کا پراجیکٹ اگورا، ٹوکنائزڈ بینک ڈپازٹس کا جائزہ لے رہا ہے، مرکزی بینک، ذخائر کے ذریعے سرحد پار ادائیگیوں کے امکانات کا جائزہ لے رہا ہے۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے ساتھ رقوم کا تحفظ، خطرات سے نمٹنے میں بینکوں کا اہم کردار ہے، صارفین کو خدمات کی فراہمی میں بھی بینکوں کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ وزیر خزانہ کا کہنا تھا کہ ریگولیٹری نظام میں ہر قسم کے ڈیجیٹل اثاثے اور ان کی معاشی سرگرمیوں کو الگ مدنظر رکھنا ہوگا، ورچوئل اثاثہ جات ایکٹ 2026 کے تحت، پاکستان میں قانونی فریم ورک قائم کیا گیا ہے، پیوارا، ورچوئل اثاثہ خدمات فراہم کرنے والوں کی لائسنسنگ اور نگرانی کی ذمہ دار ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے ورچوئل اثاثوں کیلئے قانونی اور زیر نگرانی نظام کی جانب پیش رفت کی ہے، سٹیٹ

(01)

گلوبل ویلج کا تصور اب تبدیل ہوگیا ہے۔اسلام آباد میں ایس ڈی پی آئی کی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ امیر ممالک کے لیے شرح سود 2.3 فیصد جبکہ غریب ممالک کیلیے 5 فیصد ہے۔تیزی سے بڑھتے عالمی درجہ حرارت کی قیمت غریب ممالک ادا کر رہے ہیں۔وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی نے کہا کہ جنگ کہیں اور ہوتی ہے، تیل کی قیمتوں کے اثرات کوئی اور بھگت رہا ہوتا ہے۔ کہا ان ماحولیاتی اثرات کے سامنے ایک پاکستانی برج بنائیں گے۔ ایسی ریزیلینس درکار ہے کوئی شخص دربارہ سیلاب کے سامنے نہ آئے۔ان کا کہنا تھا کہ دنیا کے بڑھتے ٹیمپریچر کی قیمت بھی غریب ادا کر رہے ہیں، ہم ڈاؤن اسٹریم ہیں کم ترقی یافتہ ہیں، کیا ڈھلان پر رہنے والے لوگوں کے حقوق نہیں، ان کے حقوق نہیں تو پھر دنیا میں جس کی لاٹھی اس کا نظام چل رہا ہے۔

(02)

کے نام لسٹ سے خارج کردیئے گئے۔ایف بی آر حکام کا کہنا ہے کہ ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں دو مرتبہ توسیع کی گئی تھی، تاخیر سے ریٹرن جمع کرانے والے محض ریٹرن فائل کر کے ایکٹو ٹیکس پیئر نہیں بن سکیں گے۔لسٹ میں واپسی کے لیے اضافی سرچارج ادا کرنا ہوگا۔توسیع کی درخواست دینے والے بعض افراد کے نام نئی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہیں، توسیع کی درخواست منظور ہونے تک ٹیکس دہندگان کا اسٹیٹس غیر فعال رہے گا۔کاروباری نقصانات اگلے سال منتقل کرنے کا حق بھی متاثر ہوسکتا ہے۔ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں نام نہ ہونے پر نان فائلرز کو زیادہ شرح سے ٹیکس دینا ہوگا، تاخیر سے ریٹرن جمع کرانے والوں کو صرف ریٹرن فائل کرنے سے ایکٹو لسٹ میں جگہ نہیں ملے گی۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ سے باہر رہنے والوں کو ٹیکس ریفنڈ ملنے میں بھی رکاوٹ ہوگی۔ایف بی آر کے مطابق ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں دوبارہ شامل ہونے کیلئے اضافی ٹیکس ادا کرنا ہوگا، انفرادی ٹیکس دہندگان کو لسٹ میں واپسی کے لئے 25 ہزار روپے سرچارج دینا ہوگا، ایسوسی ایشنز کو 50 ہزار اور کمپنیوں کو ایک لاکھ روپے سرچارج ادا کرنا ہوگا۔

(03)

مطابق پاکستان کی جانب سے یہ ذمہ داری ایسے وقت میں سنبھالی گئی ہے جب ملک 2026-27 کے لیے شنگھائی تعاون تنظیم کی بھی صدارت کررہا ہے جس سے علاقائی تجارت، سرمایہ کاری، مالیاتی روابط اور اقتصادی تعاون کے فروغ میں پاکستان کے بڑھتے ہوئے کردار کی عکاسی ہورہی ہے۔وزارت خزانہ نے سلطان علی الانہ کو چیئرمین کی اہم ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستان ایس سی او کے رکن ممالک کے درمیان اقتصادی شراکت داری مضبوط بنانے، سرحد پار تجارت و سرمایہ کاری میں سہولیات فراہم کرنے اور علاقائی انضمام و مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

(04)

ایکٹ پر پرائیویٹ بل اسمبلی میں لانے کا اعلان کیا ہے۔اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے صوبے میں بدامنی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی گھمبیر ہوچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب صوبے میں خان آف قلات کا بیٹا محفوظ نہیں ہے تو عام شہری کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں۔انہوں نے انکشاف کیا کہ حالات اس حد تک خراب ہوچکے ہیں کہ وہ خود اپنے حلقے خضدار تک بذریعہ سڑک سفر نہیں کرسکتے، اس وقت بلوچستان کا کوئی بھی علاقہ امن کے لحاظ سے محفوظ نہیں رہا۔مدارس بل کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ 26ویں آئینی ترمیم میں مدارس بل کا ایکٹ شامل تھا جس پر صوبوں نے عملدرآمد کرنا تھا۔تاہم، جب 26ویں آئینی ترمیم کی دیگر شقوں پر عمل ہو رہا ہے تو مدارس بل پر عملدرآمد نہ ہونا ایک بڑا سوالیہ نشان ہے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے اس سلسلے میں اپنا وعدہ وفا نہیں کیا اور حکومت نے اس معاملے پر سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا۔انہوں نے واضح کیا کہ جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان نے ہمیشہ جمہوریت، پارلیمنٹ کی بالادستی اور عوامی حقوق کی بات کی ہے اور کوئی غیر جمہوری بات نہیں کی۔اپوزیشن لیڈر نے خبردار کیا کہ اگر حکومت نے مدارس بل پر سنجیدہ اقدامات نہ کیے تو جلد بلوچستان بھر کے دورے کیے جائیں گے اور اس حوالے سے سخت لائحہ عمل طے کیا جائے گا۔

(05)

ساعت ہوئی۔انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے چاروں ملزمان کی ضمانتیں منظور کرلیں اور چاروں ملزمان کو 5، 5 ہزار روپے کے مچلکے جمع کرانے کا حکم دے دیا۔اسد قیصر کی 9، عاطف خان کی 4، لطیف کھوسہ کی 3 اور فیصل امین گنڈاپور کی 6 مقدمات میں ضمانت منظور ہوئی۔عدالت نے چاروں ملزمان کی ضمانتیں 11 فروری تک منظور کی ہیں۔عدم حاضری پر چند روز قبل چاروں ملزمان کی ضمانتیں خارج کردی گئی تھیں۔ملزمان کی جانب سے دوبارہ ضمانت قبل از گرفتاری کی درخواستیں دائر کی گئی تھیں۔

(06)

ضرورت ہے۔ اس موقع پر بلوچستان اور خیبرپختونخوا سمیت ملک کے مختلف علاقوں میں عوام کو درپیش مسائل اور ان کے حل کے لیے مؤثر اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی سابق وزیراعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مضبوط وفاق ہی مضبوط پاکستان کی ضمانت ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کی ترقی اور استحکام تمام صوبوں کو ساتھ لے کر چلنے اور قومی یکجہتی کو فروغ دینے سے ہی ممکن ہے۔ پاکستان کے تمام صوبے ملک کے اہم اور مضبوط ستون ہیں اور ہر صوبے کی ترقی دراصل پاکستان کی مجموعی ترقی ہے میر عبدالقدوس بزنجو کا کہنا تھا کہ پاکستان ہے تو بلوچستان ہے اور بلوچستان پاکستان ہے۔ بلوچستان پاکستان کا ایک اہم صوبہ ہے اور صوبے کے عوام نے ہمیشہ ملک کے استحکام، سلامتی اور ترقی کے لیے اپنا کردار ادا کیا ہے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بلوچستان کے عوام کے مسائل کو قومی سطح پر ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے عملی اقدامات کی ضرورت ہے انہوں نے کہا کہ ملک کو درپیش چیلنجز کا مقابلہ کسی ایک صوبے یا ایک جماعت کے لیے ممکن نہیں بلکہ اس کے لیے تمام سیاسی قوتوں، وفاقی و صوبائی حکومتوں اور عوام کو مل کر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔باہمی اختلافات کو ایک طرف رکھتے ہوئے قومی مفاد کو مقدم رکھنا وقت کی اہم ضرورت ہے ملاقات میں صوبوں کے درمیان روابط اور بھائی چارے کو مزید مضبوط بنانے پر بھی خصوصی زور دیا گیا۔دونوں رہنماں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان کے مختلف صوبوں کے درمیان باہمی تعاون، عوامی روابط اور سیاسی ہم آہنگی کو فروغ دینے سے قومی یکجہتی مزید مستحکم ہوگی میر عبدالقدوس بزنجو نے کہا کہ بلوچستان اور خیبرپختونخوا سمیت ملک کے تمام صوبے اپنے اپنے مسائل اور چیلنجز رکھتے ہیں، تاہم ان مسائل کے حل کے لیے ایک دوسرے کے تجربات سے استفادہ اور مشترکہ حکمت عملی اختیار کرنا ضروری ہے۔انہوں نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، روزگار کے مواقع، تعلیم، صحت، امن و امان اور دیگر بنیادی مسائل کے حل کے لیے حکومتوں کو مؤثر اقدامات اٹھانے چاہئیں اس موقع پر گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے بھی ملک میں جمہوری اقدار کے فروغ، صوبوں کے درمیان باہمی روابط، سیاسی ہم آہنگی اور قومی یکجہتی کی اہمیت پر گفتگو کی۔ ملاقات میں اس بات پر زور دیا گیا کہ ملک کی مضبوطی اور ترقی کے لیے تمام اکائیوں کے درمیان اعتماد اور تعاون کو مزید مستحکم کرنا ہوگا دونوں رہنماں نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاکستان کا مستقبل جمہوریت، آئین، وفاقی اکائیوں کے درمیان مضبوط تعلقات اور عوامی فلاح و بہبود سے وابستہ ہے۔عوامی مسائل کے حل اور ملک کو درپیش مشکلات سے نمٹنے کے لیے سیاسی قیادت کو مثبت اور تعمیری کردار ادا کرنا ہوگا ملاقات کے اختتام پر میر عبدالقدوس بزنجو اور گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ قومی یکجہتی، صوبوں کے درمیان بھائی چارے، باہمی احترام اور عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنا کردار جاری رکھا جائے گا، جبکہ ملک کے وسیع تر مفاد اور مضبوط وفاق کے لیے تمام ممکنہ اقدامات کی حمایت کی جائے گی۔

(07)

جا کر بچوں کو پولیو ویکسین پلائیں گے۔اس مہم کے تحت پانچ سال سے کم عمر کے تقریبا 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔این ای او سی نے والدین سے اپیل کی ہے کہ وہ نومبر کی انسداد پولیو مہم کے دوران اپنے پانچ سال سے کم عمر بچے کو پولیو سے بچا کے قطرے لازمی پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں۔این ای او سی کے مطابق بچوں کو بار بار پولیو ویکسین پلانے سے ان کے جسم میں پولیو وائرس کے خلاف قوت مدافعت مضبوط ہوتی ہے۔ والدین کی ذمہ داری ہے کہ وہ مہم کے دوران اپنے بچوں کی ویکسی نیشن یقینی بنائیں تاکہ پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کی کوششوں کو کامیاب بنایا جاسکے۔

(08)

لے کر اچانک بازار تک جلد دورہ کریں گے، تاجروں کے مسائل کا جائزہ لیں گے اور ان کے حل کے لیے ہر ممکن تعاون فراہم کریں گے۔انہوں نے مزید کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور تاجر برادری کے باہمی تعاون، مشاورت اور مشترکہ کوششوں سے مسائل کو بہتر انداز میں حل کیا جا سکتا ہے۔انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان، ژوب یونین ضلعی انتظامیہ کے اس مثبت اور حوصلہ افزا تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے اور امید کرتی ہے کہ باہمی روابط اور تعاون سے تاجر برادری کے مسائل کے حل اور بازاروں کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے۔

(09)

"اسٹرینتھننگ کینیڈاز امیگریشن سسٹم اینڈ بارڈرز ایکٹ (Bill C-12) منظور کر کے نافذ کر دیا ہے۔ 26 مارچ 2026 کو شاہی منظوری ملنے کے بعد یہ قانون فوری طور پر نافذ العمل ہوگیا ہے، جس کے تحت امیگریشن درخواستوں، پناہ کے نظام اور سرکاری اداروں کے درمیان معلومات کے تبادلے سے متعلق اہم تبدیلیاں کی گئی ہیں۔اس نئے قانون کے تحت کینیڈین حکومت اور امیگریشن افسران کو وسیع اور غیر معمولی اختیارات دیے گئے ہیں۔جس کے تحت عوامی مفاد میں حکومت کسی بھی وقت ورک پرمٹ، اسٹڈی پرمٹ، عارضی ویزا، الیکٹرانک ٹریول اجازت نامہ (eTA) اور مستقل رہائش (PR) کی نئی درخواستوں کی وصولی یا کارروائی کو عارضی طور پر روک سکتی ہے۔س

(10)

سپرنٹنڈنٹ لورالائی ٹیچنگ ہسپتال ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان شامل تھے، جبکہ سپرنٹنڈنٹ حاجی عصمت اللہ اور بابو داود خان حمزہ زئی نے انٹرویوز کے انتظامی امور اور امیدواروں کی معاونت میں اپنا کردار ادا کیا اس موقع پر ڈیٹا انٹری آپریٹر، ڈینٹل ٹیکنیشن سمیت دیگر عارضی خالی آسامیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز لیے گئے۔امیدواروں کی اسناد، متعلقہ شعبے میں تجربے اور پیشہ ورانہ قابلیت کو مدنظر رکھتے ہوئے میرٹ اور شفافیت کے اصولوں کے مطابق انٹرویوز کا عمل مکمل کیا جا رہا ہے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر علی نواز جمالی نے کہا کہ عارضی خالی آسامیوں پر بھرتی کے عمل میں میرٹ، شفافیت اور اہلیت کو بنیادی ترجیح دی جائے گی تاکہ ٹیچنگ ہسپتال میں دستیاب انسانی وسائل کو مزید مؤثر بنایا جاسکے اور مریضوں کو بہتر طبی و معاون خدمات کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر نقیب اللہ نیازی اور ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر فہیم خان نے کہا کہ ہسپتال میں طبی اور معاون عملے کی دستیابی سے مختلف شعبہ جات کی کارکردگی میں بہتری آئے گی اور مریضوں کو بروقت اور معیاری سہولیات کی فراہمی میں مدد ملے گی انتظامیہ کے مطابق انٹرویوز کا سلسلہ آئندہ دو روز تک جاری رہے گا، جس دوران مزید خالی آسامیوں کے لیے امیدواروں کے انٹرویوز کیے جائیں گے۔ متعلقہ کمیٹی تمام امیدواروں کا جائزہ مقررہ معیار اور میرٹ کے مطابق لے گی، جبکہ بھرتی کے عمل کو شفاف اور منظم انداز میں مکمل کیا جائے گا ضلعی انتظامیہ اور محکمہ صحت کے حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ٹیچنگ ہسپتال لورالائی میں طبی سہولیات اور انتظامی استعداد کار کو مزید بہتر بنانے کے لیے دستیاب وسائل کو مؤثر انداز میں بروئے کار لایا جائے گا تاکہ لورالائی سمیت ڈویژن کے مختلف علاقوں سے آنے والے مریضوں کو بہتر طبی سہولیات میسر آسکیں۔

(11)

نے کہا ہے کہ ایران پر امریکا کا کوئی بھی نیا حملہ پاگل پن کا اقدام ہوگا، جس سے صرف مزید تشدد اور تباہی پھیلے گی۔انہوں نے اپیل کی ہے کہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ پر اثر و رسوخ رکھنے والے افراد اپنی تمام تر کوششیں کریں تاکہ انہیں ایسے اقدام سے باز رکھا جا سکے۔واضح رہے کہ محمد البرادعی اور عالمی جوہری توانائی ایجنسی کو 2005 میں جوہری توانائی کے فوجی مقاصد کیلئے استعمال کی روک تھام کی کوششوں پر مشترکہ طور پر نوبل امن انعام سے نوازا گیا تھا۔وہ 2013 میں مختصر عرصے کیلئے مصر کے نائب صدر بھی رہے۔

(12)

پولیو ویکسینیشن مہم پر اپنے پیغام میں کہی۔پاکستان میں 2 سے 8 نومبر تک ذیلی قومی پولیو ویکسینیشن مہم کا آغاز ہو رہا ہے۔آصفہ بھٹو زرداری نے تمام والدین اور بچوں کی دیکھ بھال کرنے والے افراد سے اپیل کی کہ وہ اس مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کو یقینی بنائیں۔اس مہم کے تحت ملک کے 97 منتخب اضلاع میں تقریبا 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جس کے لیے 2 لاکھ سے زائد فرنٹ لائن پولیو ورکرز خدمات انجام دیں گے۔

(13)

بتایا کہ انہوں نے 2008 میں پسند کی شادی کی تھی، تاہم کچھ عرصے بعد پولیس اہلکار یاسر نے ان کے گھریلو معاملات میں بیجا مداخلت شروع کر دی اور بعد ازاں ان کی اہلیہ کے ساتھ مبینہ طور پر قابل اعتراض تعلقات قائم کر لیے۔انہوں نے دعوی کیا کہ ان کی ڈیوٹی کے دوران یاسر کا گھر آنا جانا اور بچوں کے سامنے ان کی اہلیہ کو ساتھ لے جانا معمول بن چکا تھا۔اس حوالے سے انہوں نے کئی بار یاسر اور اس کے اہلخانہ سے احتجاج کیا اور قرآنِ پاک پر معاہدہ بھی ہوا، مگر اس کے باوجود یاسر اپنی حرکتوں سے باز نہ آیا اور 14 مارچ 2026 کو فون پر جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں، جس کا مقدمہ درج کروانے پر تھانہ امیر محمد دشتی کے ایس ایچ او نے اسے حوالات میں بند بھی کیا تھا۔محمد آصف نے الزام عائد کیا کہ بچوں کے مستقبل کی خاطر انہوں نے معاملہ سنبھالنے کی کوشش کی، لیکن ایک روز ڈیوٹی سے واپسی پر معلوم ہوا کہ ان کی سابقہ اہلیہ گھر سے 15 لاکھ روپے نقد، دو تولہ سونا، بحریہ ٹاؤن کے 2 پلاٹوں کے کاغذات، دیگر قیمتی سامان اور تینوں بچوں کو ساتھ لے کر چلی گئی ہے۔اس واقعے کے بعد پولیس ہیلپ لائن 15 پر اطلاع دی گئی جس نے موقع کا معائنہ بھی کیا۔ بعد ازاں سامان کی واپسی کے مطالبات پر سسر اور سالی کی جانب سے مبینہ تشدد کا نشانہ بھی بنایا گیا۔انہوں نے مزید بتایا کہ پولیس سے رجوع کرنے کے باوجود ان کی دادرسی کے بجائے ان کے خلاف استغاثہ دائر کرایا گیا جس پر انہیں ضمانت کرانی پڑی، جبکہ بعد میں سابقہ اہلیہ نے خلع حاصل کرلی۔انہوں نے انکشاف کیا کہ خلع کے کچھ عرصے بعد جب وہ سابقہ اہلیہ کے گھر گئے تو وہاں حوالدار یاسر موجود تھا، جس پر آئی جی بلوچستان آفس سمیت تمام متعلقہ حکام کو انکوائری کی درخواستیں دی گئیں مگر تاحال کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی۔محمد آصف نے وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر اور چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ سے پرزور مطالبہ کیا کہ ان کی جمع پونجی، 15 لاکھ روپے نقد، سونا، پلاٹوں کی دستاویزات اور سامان واپس دلایا جائے اور پولیس حوالدار یاسر، سابقہ اہلیہ اور دیگر ملوث افراد کے خلاف شفاف تحقیقات کر کے سخت قانونی کارروائی کی جائے۔

(14)

کے مرحلے میں بھی داخل ہوچکی ہیں۔رپورٹ کے مطابق اسرائیلی فضائیہ کے درجنوں لڑاکا طیاروں نے شام اور عراق کی فضائی حدود سے ایران کی سرحدوں کی جانب پروازیں کی ہیں۔ان مشقوں کا مقصد ایران پر ممکنہ حملوں کے فضائی راستوں کی ریہرسل کرنا تھا۔نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر اسرائیلی سیاسی ذرائع نے اخبار کو بتایا کہ اسرائیل کی سیاسی اور فوجی قیادت نئی جنگ شروع کرنیکا حتمی فیصلہ نہیں کرسکتی، اس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ ٹرمپ ایران کے ساتھ سفارتی معاہدکی کوشش جاری رکھنیکا فیصلہ کرتے ہیں یا اسرائیل کے ساتھ مل کر دوبارہ فوجی کارروائیاں شروع کرتے ہیں۔اخبار کے مطابق دوسری جانب امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹ کام) کے سربراہ ایڈمرل بریڈ کوپر نے ٹرمپ کو دوبارہ حملے شروع کرنے کے منصوبے پیش کردیے ہیں۔تاہم اخبار کے مطابق ایران کے خلاف فوجی کارروائیاں دوبارہ شروع کرنے کے حوالے سے ابھی تک کوئی حتمی فیصلہ نہیں کیا گیا۔اسرائیلی اخبار کے مطابق گزشتہ چند روز کے دوران امریکی فوج کے 10 فوجی ٹرانسپورٹ طیارے اسرائیلی فضائی اڈوں پر پہنچے ہیں۔ یہ طیارے خطے میں فوجی سازوسامان پہنچانے کے لیے جاری فضائی نقل و حمل کی مہم کا حصہ تھے۔اسرائیلی سیاسی ذرائع نے اخبار کو بتایا کہ امریکا کو درپیش اہم مسائل میں سے ایک یہ ہیکہ ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی کے تزویراتی مقاصد ابھی تک واضح طور پر متعین نہیں کئے گئے۔ ان ذرائع کا کہنا تھا کہ ایران کی جوہری تنصیبات، میزائل نظام اور فوجی صلاحیتوں کو فضائی حملوں کے ذریعے نشانہ بنانے سے ضروری نہیں کہ ایرانی حکومت کا خاتمہ ہو جائے یا اس کی پالیسیوں میں تبدیلی آجائے۔رپورٹ میں اس خدشے کا بھی اظہار کیا گیا ہے کہ اگر دوبارہ جنگ شروع ہوئی اور حزب اللہ بھی اس میں شامل ہوگئی تو تنازع لبنان تک پھیل سکتا ہے، ایسی صورتحال میں جنگ طویل ہوسکتی ہے اور اسرائیل کے فضائی دفاعی نظاموں اور میزائلوں کو روکنے والے انٹرسیپٹر میزائلوں کے ذخیرے پر دباؤ مزید بڑھ سکتا ہے۔

(15)

عرب میڈیا رپورٹ کے مطابق ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے تجویز کے تحت امریکا پہلے روز کچھ مطلوبہ اقدامات کرنا ہوں گے۔پیشگی امریکی اقدامات کے بعد آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھول کر بحری آمدورفت معمول پر لائی جاسکے گی۔عباس عراقچی نے واضح کیا ان کا دورِ دوحہ امریکی حکام کے ساتھ براہ راست مذاکرات کے لیے نہیں تھا۔رپورٹ کے مطابق دو روزہ منصوبہ ابھی صرف تجویز ہے، امریکا نے اسے باضابطہ قبول نہیں کیا۔

(16)

کے چیئرمین ہوں گے، محکمہ داخلہ، محکمہ صنعت اور صوبائی سیکیورٹی سیکریٹریٹ کے نمائندے کمیٹی میں شامل ہوں گے، ایڈیشنل سیکریٹری ایف ایس سی محکمہ داخلہ اور ایڈیشنل سیکریٹری محکمہ صنعت کمیٹی کے ارکان ہوں گے۔ڈائریکٹر صوبائی سیکیورٹی سیکریٹریٹ، ڈپٹی ڈائریکٹر آئی ٹی محکمہ داخلہ اور ڈپٹی ڈائریکٹر صوبائی سیکیورٹی سیکریٹریٹ بھی کمیٹی کا حصہ ہوں گے، صوبائی سیکیورٹی سیکریٹریٹ کے ڈپٹی ڈائریکٹر کو کمیٹی کا رکن اور سیکریٹری مقرر کیا گیا ہے، صوبائی محکموں، ضلعی انتظامیہ، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سیکیورٹی ایجنسیوں کے درمیان مؤثر رابطہ کاری کمیٹی کے فرائض میں شامل ہوگی۔کمیٹی صوبے بھر میں دھماکا خیز مواد سے متعلق معاملات کی نگرانی، رابطہ کاری اور عملدرآمد یقینی بنائے گی، دھماکا خیز مواد اور اس سے متعلقہ اجزا کے انتظام وانصرام میں قانونی تقاضوں پر عملدرآمد کمیٹی کی ذمہ داری ہوگی۔وفاقی حکومت، نیشنل ایکسپلوزوز اینڈ پیٹرولیم سیفٹی ایجنسی، نیکٹا اور دیگر متعلقہ اداروں کی ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے گا، دھماکا خیز مواد سے متعلق قوانین، قواعد، پالیسیوں اور اسٹینڈرڈ آپریٹنگ پروسیجرز کی پابندی کی نگرانی کی جائے گی۔دھماکا خیز مواد اور اس سے متعلقہ اجزا کے محفوظ، قانونی اور مؤثر انتظام کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے، کمیٹی فوری طور پر مؤثر ہوگی اور آئندہ احکامات تک کام جاری رکھے گی۔

(17)

میں خودکشی کے 14 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں 11 مرد اور 3 خواتین جان سے گئے، فروری میں خودکشی کے 12 واقعات رپورٹ جن میں 11 مرد اور ایک خاتون شامل تھے۔ترجمان کے مطابق مارچ کے دوران 6 افراد 5 مرد اور ایک خاتون نے اپنی جان گنوائی، اپریل میں 9 مرد اور ایک خاتون جان سے گئے، مئی 11 مرد اور 2 خواتین نے اپنی جان لی، جون کے دوران خودکشی کے 5 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں ایک خاتون اور 4 مرد شامل ہیں۔اسی طرح جولائی میں خودکشی کے 14 واقعات رپورٹ ہوئے اس میں 8 مرد اور 6 خواتین جان سے گئے، اگست میں خودکشی کے 13 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں 9 مرد اور 4 خواتین جاں بحق ہوئے، ستمبر میں خودکشی کے 12 واقعات رپورٹ ہوئے جن میں 9 مرد اور 3 خواتین نے جان گنوائی، اکتوبر میں خودکشی کے 13 واقعات رپورٹ جن میں 10 مرد اور 3 خواتین جان سے گئے۔ایدھی ترجمان کے مطابق خودکشی کے واقعات میں غربت، محبت میں ناکامی، گھریلو ناچاقی سمیت دیگر محرکات کارفرما ہے۔

(18)

مقصد موسم سرما سے قبل توانائی کے شعبے میں جنگ بندی کو یقینی بنانا ہے، اس سلسلے میں امریکی، یورپی اور یوکرینی حکام کے درمیان مذاکرات جاری ہیں۔اخبار کے مطابق امریکی نمائندوں جیرڈ کشنر اور اسٹیو وٹکوف نے ستمبر میں ماسکو اور کیف کے دوروں کے دوران یہ تجویز پیش کی تھی۔مجوزہ منصوبے کے تحت یورپی پابندیوں سے بچنے کیلئے ایک امریکی ثالث کے ذریعے روسی گیس یورپ کو فروخت کی جائے گی، جس سے امریکی سرمایہ کاروں کے لیے بھی منافع بخش مواقع پیدا ہوسکتے ہیں، تاہم امریکی تجویز کو یورپی یونین کی جانب سے مزاحمت کا سامنا ہے۔

(19)

کہ ایسے حملے علاقائی استحکام اور عالمی توانائی کی منڈیوں کیلئے خطرہ ہیں۔قطر کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق گیس بردار جہاز المعیدہ خلیج فارس سے گزر رہا تھا جب اسے ایک نامعلوم شے نے نشانہ بنایا۔البدیوی نے خبردار کیا کہ تیل اور گیس بردار جہازوں پر حملے عالمی توانائی کی فراہمی میں رکاوٹ، منڈیوں میں عدم استحکام اور سمندری ماحول کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

(20)

کی تباہی کا سلسلہ نہ رک سکا مچھلیوں کی نسلیں ناپید ہونے لگیں۔تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ساحلی علاقوں گڈانی، ڈام بندر، کنڈ ملیر، اور ماڑہ تک سمندری حدود میں بڑی لانچوں اور کشتیوں کے ذریعے مبینہ طور پر ممنوعہ جال وائر نیٹ استعمال کر کے چھوٹی مچھلیوں کا بے دریغ شکار کیا جا رہا ہے۔گڈانی سے اور ماڑہ تک ممنوعہ وائر نیٹ جالوں کے مسلسل استعمال سے چھوٹی مچھلیوں کے ساتھ سمندری حیات کی دیگر اقسام بھی بڑی تعداد میں شکار ہو رہی ہیں جس سے مچھلیوں کی نسلیں ناپید ہونے اور سمندر کے قدرتی وسائل و افزائش نسل کا نظام تباہ ہو کر سمندر کے بانجھ ہونے کے خدشہ پیدا ہوگیا ہے۔فشریز قوانین موجود ہونے کے باوجود محکمہ فشریز لسبیلہ حب کے ذمہ دار افسران اور اہلکاروں کی مبینہ ملی بھگت اور چشم پوشی کے باعث غیر قانونی ماہی گیری کا سلسلہ دھڑلے سے جاری ہے۔ دوسری جانب مقامی چھوٹے ماہی گیر اپنے ہی سمندری علاقوں میں غیر قانونی شکار کے باعث معاشی بدحالی کا شکار ہو کر نانِ شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں۔وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان، سیکریٹری فشریز بلوچستان، کمشنر لسبیلہ ڈویژن گڈانی سے اور ماڑہ تک سمندری حدود میں ممنوعہ وائر نیٹ جال کے ذریعے غیر قانونی شکار کا فوری نوٹس لے کر ایسے جال استعمال کرنے والی لانچوں اور کشتیوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کا حکم صادر کریں ممنوعہ جال ضبط کیے جائیں اور محکمہ فشریز کے افسران و اہلکاروں کی مبینہ غفلت اور ملی بھگت کی شفاف تحقیقات کرائی جائیں تاکہ سمندری حیات مچھلیوں کی نسلوں اور مقامی ماہی گیروں کے روزگار کو مزید تباہی سے بچایا جاسکے۔

(21)

ملنے پر متعلقہ حکام نے صورتحال کا نوٹس لیا۔ذرائع کے مطابق ڈپٹی کمشنر ویندر لعل نے اسپتال کا دورہ کیا، جہاں ڈاکٹروں کی عدم موجودگی پر انہوں نے شدید برہمی کا اظہار کیا۔چھ سالہ بچی کی المناک موت کے باعث علاقے میں سوگ کی فضا پھیل گئی، جبکہ واقعے نے اہل علاقہ کو غمزدہ کر دیا۔

(22)

انتخابات کے انتظامات کے حوالے سے چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا کو بریفنگ دی گئی جس میں بتایا گیا کہ بلدیاتی انتخابات کیلئے تمام انتخابی میٹریل کی خریداری سمیت تمام تیاری مکمل کرلی گئی ہے۔بریفنگ میں مزید بتایا گیا کہ بیلٹ پیپرز کی پرنٹنگ کے بھی تمام انتظامات مکمل کرلئے گئے ہیں جبکہ آئی جی اور ڈپٹی کمشنر اسلام آباد کو ضروری انتظامات کے حوالے سے خطوط ارسال کئے جاچکے ہیں۔الیکشن کمیشن نے 20 اکتوبر کو اسلام آباد میں بلدیاتی الیکشن کے انعقاد کا شیڈول جاری کیا تھا، جس کے مطابق وفاقی دارالحکومت میں 20 دسمبر کو پولنگ ہوگی۔

(23)

کی محبت اور حمایت دیکھ کر خوشی ہوئی۔بطور صدر گزشتہ 2 ہفتوں میں انہوں نے جو کچھ کیا اس جیسا کام کسی دوسرے صدر نے نہیں کیا۔ٹرمپ کا کہنا تھا کہ یہ ان کی انتخابی مہم کا آخری جلسہ ہے اور اب وہ انتخابی مہم ختم کر رہے ہیں۔امریکی صدر نے انتخابی جلسے میں مڈٹرم انتخابات میں کامیابی کی صورت میں ہر بالغ امریکی کو 5 ہزار امریکی ڈالر دینے کا اعلان کیا۔انہوں نے ڈیموکریٹس کی کامیابی کی مخالفت کرتے ہوئے کہا کہ ڈیموکریٹس کو کسی صورت مڈٹرم انتخابات میں کامیابی نہیں ملنی چاہیے۔ٹرمپ نے اپنے خطاب میں امریکی معیشت کی بہتری کا دعوی کرتے ہوئے کہا کہ ان کے دور میں معیشت بہتر ہوئی ہے۔انہوں نے پیش گوئی کی کہ تیل کی قیمتیں جلد بہت نیچے آجائیں گی۔امریکی صدر نے کہا کہ وہ چاہتے ہیں کہ آئندہ 2 سال پہلے سے زیادہ بڑے، بہتر اور مضبوط ہوں۔ وہ امریکا کو دوبارہ طاقتور، خوشحال، صحت مند، مضبوط، محفوظ اور عظیم بنانا چاہتے ہیں۔ٹرمپ نے جلسے کے دوران اعلان کیا کہ فینی مے اور فریڈی میک آئندہ سال کنساس میں رہائشی قرضوں کے شعبے میں 4.3 ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کریں گے جس سے ریاست میں تقریبا 15 ہزار گھر خریدنے والوں کو مدد ملے گی۔امریکی صدر نے فینی مے اور فریڈی میک کے چیئرمین بل پلٹے کا شکریہ بھی ادا کیا اور ان کی کارکردگی کو سراہا۔جلسے میں امریکی وزیر داخلہ ڈوگ برگم، وزیر خارجہ مارکو روبیو اور ریپبلکن سینیٹر راجر مارشل بھی شریک ہوئے۔راجر مارشل کنساس سے دوبارہ سینیٹ کا انتخاب لڑ رہے ہیں۔ڈوگ برگم نے اپنے خطاب میں کہا کہ ٹرمپ جانتے ہیں کہ امریکا کی بہترین اقدار چھوٹے شہروں میں موجود ہیں اور راجر مارشل انہی اقدار کی نمائندگی کرتے ہیں۔انہوں نے ٹرمپ کی انتخابی مہم کو سراہتے ہوئے کہا کہ کسی دوسرے صدر نے وسط مدتی انتخابات کے لیے اتنی محنت نہیں کی۔مارکو روبیو نے بھی ٹرمپ کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی صدر کی سب سے اہم ذمہ داری عوام اور ان کے خاندانوں کو محفوظ رکھنا ہے۔ٹرمپ کی قیادت میں امریکا مضبوط ہوا ہے، امریکی عوام زیادہ محفوظ ہیں اور دنیا بھر میں امریکا کے دشمن کمزور ہوئے ہیں۔

(24)

سید زاہد حسین شاہ نے کہا کہ پولیس میں شمولیت حاصل کرنا عوامی خدمت اور علاقے کی پاسبانی کا بہترین موقع ہے۔انہوں نے تمام نئے اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ اپنی ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر دیانت داری سے انجام دیں اور قانون کی بالادستی اور شہریوں کے حقوق و جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت ترجیح دیں۔ایس ایس پی قلات نے کہا کہ عوام کے ساتھ خوش اخلاقی، تعظیم اور احترام سے پیش آنا پولیس کے وقار کو بلند کرتا ہے۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئے شامل ہونے والے اہلکار ضلع میں امن و امان کے قیام، جرائم کے خاتمے اور قانون کی حکمرانی کو یقینی بنانے میں اہم اور فعال کردار ادا کریں گے۔

(25)

کا یہ کہنا بے بنیاد ہے کہ آفر کے باوجود بانی پی ٹی آئی سے ملاقات نہیں کی، بیرسٹر سیف کے تمام دعوؤں کو بھی مسترد کرتا ہوں، ان کے تمام دعوے جھوٹے ہیں۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے عدالت اور مذاکرات کے ہر طریقے سے کوشش کی، تمام کوششوں کے باوجود ہمیں ایک بھی ملاقات کی اجازت نہیں دی گئی جب کہ مذاکراتی عمل کے دوران عمران خان تک رسائی بھی ہماری شرائط میں سے ایک تھی۔قبل ازیں بیرسٹر سیف نے ایک انٹرویو میں دعوی کیا کہ راجہ ناصر عباس اسٹیبلشمنٹ کے اہم لوگوں کے ساتھ براہ راست رابطے میں ہیں مگر وہ رابطے عمران خان کی رہائی کے لئے نہیں ہیں۔

(26)

بیٹھے تنخواہ لینی ہے وہ نوکری سے جائے گا، جرم ثابت ہونے پر سزا و جزا کا نظام ہوگا۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ سوال ہی نہیں پیدا ہوتا ہم مذاکرات کریں، پی ٹی آئی کی 4 فرنچائز ہیں، ایک جماعت اپنے چیئرمین، جنرل سیکرٹری، اسپیکر کو نہیں مانتی تو ہمیں کیا مانیں گے۔گورنر کے پی کا کہنا تھا کہ وہ آپس میں لڑ رہے ہیں، وہ بتائیں اوریجنل فرنچائز ان کی کون سی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سہیل آفریدی کے وارنٹ گرفتاری کے قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے۔

(27)

کے حوالے نہیں کرے گا۔ایرانی سرکاری نشریاتی ادارے آئی آر آئی بی کے مطابق اسماعیل بقائی سے سوال کیا گیا تھا کہ کیا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے سے ایران اور امریکا کے درمیان معاہدے کی راہ ہموار ہوسکتی ہے؟ ان سے یہ بھی پوچھا گیا کہ آیا دوحہ میں ہونے والے مذاکرات کے دوران اس معاملے پر بات چیت ہوئی تھی۔اس کے جواب میں ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان نے واضح کیا کہ ایران اپنا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل نہیں کرے گا۔ایران کا 60 فیصد افزودہ یورینیم اس کے جوہری پروگرام سے متعلق مذاکرات کا ایک اہم موضوع ہے۔تاہم ترجمان کے بیان میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ دوحہ مذاکرات میں اس معاملے پر کیا گفتگو ہوئی یا ایران اس حوالے سے کوئی متبادل تجویز پیش کرنے کے لیے تیار ہے یا نہیں۔ایرانی موقف ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب امریکا اور ایران کے درمیان ممکنہ معاہدے کے لیے سفارتی کوششیں جاری ہیں اور دونوں ممالک کے جوہری معاملات سمیت دیگر اختلافات حل کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔

(28)

کے جائزوں میں ڈیموکریٹک پارٹی کو ایوانِ نمائندگان میں کامیابی کا مضبوط امکان ظاہر کیا جارہا ہے، تاہم سینیٹ میں دونوں جماعتوں کے درمیان مقابلہ سخت ہے۔ایوانِ نمائندگان میں اکثریت حاصل کرنے کیلئے 218 نشستیں درکار ہیں، سینیٹ کی 35 نشستوں میں 33 باقاعدہ اور 2 خصوصی انتخابات شامل ہیں۔ امریکی ایوانِ نمائندگان کے ارکان 2 سال اور سینیٹرز 6 سال کیلئے منتخب کیے جاتے ہیں۔سینیٹ میں اس وقت ری پبلکنز کو 53 کے مقابلے میں 47 نشستوں کی برتری حاصل ہے، ڈیموکریٹس کو سینیٹ میں اکثریت کیلئے 4 نشستوں کا اضافہ درکار ہے۔ ڈیموکریٹس کی کامیابی صدر ٹرمپ کے قانون سازی کے ایجنڈے کیلئے مشکلات پیدا کرسکتی ہے۔ری پبلکنز کانگریس کے دونوں ایوانوں پر اپنا کنٹرول برقرار رکھنے کیلئے کوشاں ہے، کانگریس کے دونوں ایوانوں کا کنٹرول الگ الگ جماعتوں کے پاس بھی جاسکتا ہے۔قبل از وقت ووٹنگ میں 5 کروڑ 44 لاکھ ووٹرز اپنا حق رائے دہی استعمال کرچکے ہیں، وسط مدتی انتخابات میں معیشت، مہنگائی اور امیگریشن اہم انتخابی موضوعات ہیں۔ امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد نئی کانگریس کا آغاز جنوری 2027 میں ہوگا۔

(29)

کردیے گئے۔حکام کے مطابق عدم ادائیگی پر 10 روز بعد جرمانہ ڈبل، چالان عدالتوں کو منتقل ہوجاتے ہیں۔جرمانہ ڈبل ہونے پر کئی شہری اپنی ضبط شدہ دستاویزات واپس لینے عدالتوں میں نہیں آتے۔زیرالتوا ڈیجیٹل چالان اور ضبط شدہ دستاویزات کی تعداد 8 لاکھ کے قریب پہنچ گئی۔شہریوں کی بڑی تعداد چالان جرمانہ ڈبل ہونے پر نیا شناختی کارڈ، لائسنس بنوالیتی تھی۔شہریوں کو چالان جمع کروا کر اپنی دستاویزات واپس لینے کی ہدایت کی گئی ہے۔

(30)

گے۔انہوں نے کہا کہ حق سچ کی آواز اٹھانے والے صحافیوں پر ظلم و تشدد بند ہونا چاہیے، صحافیوں کو بلا خوف و خطر اپنے فرائض انجام دینے کیلئے محفوظ ماحول فراہم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، صحافیوں کا تحفظ، آزادی صحافت اور آزادی اظہار جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے، صحافیوں کے حقوق کا تحفظ اور ان کے پیشہ ورانہ وقار کا احترام یقینی بنایا جانا چاہیے۔ان کا کہنا تھا کہ احساس ذمہ داری کے ساتھ آزادی صحافت جمہوریت کی اساس ہے، آزاد اور ذمہ دار صحافت جمہوریت کے استحکام میں اہم کردار ادا کرتی ہے، مضبوط جمہوری معاشرے کیلئے صحافت کا آزاد ہونا بہت ضروری ہے۔مریم نواز کا کہنا تھا کہ صحافیوں کو دھمکیاں دینے، تشدد کا نشانہ بنانے اور ہراساں کرنے کے واقعات ناقابل قبول ہیں، صحافیوں کے خلاف جرائم میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لانا ضروری ہے، صحافی معاشرتی انصاف کے محافظ اور عوام کی آواز ہیں، ظلم، ناانصافی اور جھوٹ کو بے نقاب کرنے والے صحافی ہیرو ہیں۔وزیراعلی نے کہا کہ بحیثیت وزیراعلی آزادی صحافت کے تحفظ کی ضامن ہوں، بے گھر صحافیوں کے لئے اپنی چھت کا خواب پورا کرنے کے لئے پرعزم ہیں، سچائی کی آواز دبانے کی ہر کوشش معاشرے کے بنیادی حقوق پر حملہ ہے۔ان کا کہنا تھا کہ پنجاب میں صحافی اور صحافت محفوظ ہے، اللہ تعالی کے فضل و کرم سے یہاں قتل و تشدد کے واقعات ہوئے نہ ہی ہوں گے، حکومت پنجاب آزادی صحافت اور صحافیوں کے تحفظ کے اصولوں کی حمایت کرتی ہے۔

(31)

جہاز آبنائے ہرمز سے گزرنے کیلئے ایک غیر مجاز راستے کا استعمال کر رہے تھے۔ بیان میں مزید دعوی کیا گیا ہے کہ ان ٹینکرز نے اپنے نیویگیشن اور شناختی نظام بند کر رکھے تھے اور وہ امریکی فوج کی مبینہ مدد سے خفیہ طور پر گزرنے کی کوشش کر رہے تھے تاہم بارودی سرنگوں سے ٹکرانے اور دھماکوں کے بعد وہ اپنی جگہ پر ہی رکنے پر مجبور ہوگئے۔پاسداران انقلاب کے اس بیان میں متاثرہ جہازوں کے نام ظاہر نہیں کیے گئے۔

(32)

مشتمل ہوگا، جبکہ دوسرے ڈویژن بینچ میں جسٹس سردار اعجاز اسحاق اور جسٹس خادم حسین سومرو شامل ہوں گے۔تیسرے ڈویژن بینچ میں جسٹس ارباب محمد طاہر اور جسٹس محمد آصف ساعت کریں گے، جبکہ چوتھے ڈویژن بینچ میں جسٹس اعظم خان اور جسٹس عبیر مجید ملک شامل ہیں۔پانچویں ڈویژن بینچ میں جسٹس انعام امین منہاس اور جسٹس ایاز شوکت شامل ہوں گے۔نیا ڈیوٹی روسٹر پیر کے روز سے تاحکم ثانی نافذ العمل رہے گا۔

(33)

کے مطابق اسپیشل انویسٹی گیشن یونٹ پولیس اور وفاقی حساس ادارے کی ٹیم نے اتوار اور پیر کی درمیانی شب لیاقت آباد تھانے کی حدود سندھ ہوٹل ندی کے کنارے سے مبینہ مقابلے کے بعد ایک بھتہ خور کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا، زخمی حالت میں گرفتار ملزم کو طبی امداد کے لیے عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا۔ترجمان کراچی پولیس کے مطابق زخمی حالت میں گرفتار ملزم کی شناخت شیراز مغل ولد عبدالحمید مغل کے نام سے کی گئی، گرفتار ملزم کے دیگر ساتھی موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔ گرفتار ملزمان سے ایک پستول مع گولیاں، موبائل فون اور کیش رقم برآمد کی گئی۔گرفتار ملزم لیاری گینگ وار کے اہم گینگ کمانڈر صمد کاٹھیاواڑی بھتہ خور گروپ کا سرگرم کارندہ ہے۔ملزم شیراز مغل اس سے قبل بھی ڈکیتی، اسٹریٹ کرائم اور ناجائز اسلحہ سمیت سنگین مقدمات میں ملوث رہا ہے۔

(34)

شیڈول جاری کردیا گیا ہے، کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال 9 سے 13 نومبر تک ہوگی، مسترد ہونے والے کاغذات کے خلاف اپیلیں 14 سے 18 نومبر تک دائر کی جاسکیں گی۔اپیلٹ اتھارٹی 19 سے 23 نومبر تک اپیلوں پر فیصلے کرے گی جبکہ امیدوار 25 نومبر تک کاغذات نامزدگی واپس لے سکیں گے۔انتخابی نشانات 26 نومبر کو الاٹ کیے جائیں گے۔الیکشن کمیشن نیا انتخابی انتظامات کے لیڈ پٹی کمشنر اسلام آباد عرفان نواز میمن کو ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر مقرر کردیا ہے، اسلام آباد میں 16 ریٹرننگ افسران اور 32 اسسٹنٹ ریٹرننگ افسران بھی تعینات کیے گئے ہیں، انتخابی افسران کا تقرر اسلام آباد انتظامیہ اور محکمہ تعلیم سے کیا گیا ہے۔بلدیاتی انتخابات 20 دسمبر کو ہوں گے جبکہ نتائج 21 سے 24 دسمبر تک مرتب کیے جائیں گے۔

(35)

کی جانب سے اعتماد اور ذمہ داری سونپنا ان کے لئے باعثِ اعزاز ہے۔بدلتا نکھرتا اور مضبوط خیبرپختونخوا ہمارا وژن ہے، صوبے کو دوبارہ آباد کرنا اور عوام کو درپیش مشکلات کا فوری ازالہ ہماری اولین ترجیح ہے۔انہوں نے کہا کہ موسمیاتی تبدیلی، دہشت گردی اور قدرتی آفات سے متاثرہ صوبے کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات ناگزیر ہیں۔صوبے میں جہاں بھی کوئی آفت، سانحہ یا مصیبت پیش آئے، متاثرہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہوگی۔مشیر برائے اطلاعات و تعلقات عامہ کا کہنا تھا کہ متاثرہ خاندانوں کی بحالی اور دوبارہ آبادکاری کا عمل مختصر ترین وقت میں مکمل کرنے کے لیے اقدامات کیے جائیں گے۔خیبرپختونخوا کی تعمیر نو اور عوام کی بحالی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ثمر ہارون بلور نے کہا کہ مشکل کی ہر گھڑی میں اپنے عوام کے ساتھ کھڑے ہوں گے۔

(36)

نے پرتپاک استقبال اور والہانہ محبت پر کونسلر اسد شیخ، یوسف شیخ اور اہل علاقہ کا شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ عوام کی محبت اور اعتماد ان کے لیے باعثِ فخر اور خدمتِ خلق کے عزم کو مزید مضبوط کرنے کا ذریعہ ہے۔عوامی مسائل کا حل اور علاقے کی ترقی ان کی اولین ترجیحات ہیں۔میر علی حسن زہری نے اعلان کیا کہ حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا اور شہر کے ساتھ نواحی علاقوں کو بھی ترقی کے ثمرات سے مستفید کیا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ کئی دہائیوں کی پسماندگی کے خاتمے کے لیے تعلیم، صاف پانی، سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔انہوں نے فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن (ایف ڈبلیو او) کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ادارہ کوئٹہ کراچی شاہراہ سمیت اہم تعمیراتی منصوبوں پر کام کر رہا ہے۔ان منصوبوں کی تکمیل سے سفری سہولیات بہتر ہونے کے ساتھ تجارتی سرگرمیوں کو فروغ ملے گا اور بلوچستان کے مختلف علاقوں کے درمیان رابطے مزید مضبوط ہوں گے۔حب میں پانی کی قلت کو ایک اہم عوامی مسئلہ قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس دیرینہ مسئلے کے حل کے لیے متعلقہ حکام سے رابطے جاری ہیں اور پانی کی فراہمی بہتر بنانے کے لیے عملی اقدامات کی کوششیں کی جا رہی ہیں، تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کا ازالہ ممکن بنایا جاسکے۔

(37)

کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ترجمان یو ایس ایف کے مطابق اجلاس کے دوران ملک میں ڈیجیٹل تفریق کو ختم کرنے کے لیے یو ایس ایف کی کاوشوں کو اجاگر کیا گیا جبکہ ٹیکنالوجی پر مبنی جدید تدریسی نظام کے فروغ اور نوجوانوں کو ڈیجیٹل معیشت کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لیے باہمی اشتراک کے نئے امکانات پر غور کیا گیا۔ دونوں جانب سے کمیونٹیز کو تعلیم، جدید ہنر اور پاکستان کے ڈیجیٹل مستقبل کے مواقع سے جوڑنے کے لیے قریبی تعاون کی ضرورت پر اتفاق کیا گیا۔برطانوی اور ملکی وفد میں ٹی ایم یو سی ہائر ایجوکیشن کے بانی وسی ای او ڈاکٹر چوہدری فیصل مشتاق (تمغہ امتیاز، سی ایل اے ایس) اور ٹی ایم یو سی ہائر ایجوکیشن گروپ کے صدر سردار مسعود خان، یونیورسٹی آف ہرٹ فورڈ شائر کے وائس چانسلر پروفیسر انتھونی ووڈمین، یونیورسٹی فار دی کری ایٹو آرٹس کی پرو وائس چانسلر پروفیسر لنڈسے ڈوتھی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر کیتھرین ریلی اور برٹش کونسل پاکستان کے کنٹری ڈائریکٹر جیمز ہیمپسن شامل تھے۔

(38)

سندھ ہائیکورٹ میں رپورٹ پیش کردی۔ڈپٹی ڈائریکٹر نیپرا نے بتایا کہ صنعتی اداروں کی شکایات پر فیصلہ جاری کردیا گیا ہے، جس میں کے الیکٹرک کو غیر اعلانیہ اور ضرورت سے زیادہ لوڈشیڈنگ بند کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔نیپرا کا کہنا ہے کہ واجبات کی عدم ادائیگی یا فیڈر نقصانات کی بنیاد پر باقاعدگی سے بل ادا کرنے والے صارفین کی بجلی بند نہیں کی جاسکتی۔نیپرا نے ہدایت کی ہے کہ نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف انفرادی طور پر کارروائی کی جائے، جبکہ درخواست گزاروں کے علاقوں میں تین سے چھ ماہ کے دوران لوڈشیڈنگ ختم کرنے کے اقدامات کیے جائیں۔درخواست گزاروں کے وکیل نے مقف اختیار کیا کہ صنعتی علاقے میں روزانہ 10 سے 12 گھنٹے لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، جس سے صنعتی سرگرمیاں اور کاروبار شدید متاثر ہو رہے ہیں۔سندھ ہائیکورٹ نے نیپرا کی رپورٹ کی روشنی میں صنعتی اداروں کی درخواست نمٹادی۔

(39)

ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں پہلی مرتبہ کلر گریڈنگ کی جدید تربیت فراہم کی جائے گی جس سے فلم انڈسٹری اور نجی شعبہ بھی مستفید ہو سکے گا، پی ٹی وی اکیڈمی کو جدید تقاضوں کے مطابق ایک موثر اور مالی طور پر پائیدار تربیتی ادارہ بنایا جائے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی ٹی وی اکیڈمی کی بحالی کے لئے اعلی سطح کے اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔وفاقی سیکرٹری اطلاعات اشفاق احمد خلیل سمیت وزارت اطلاعات کے سینئر حکام بھی اجلاس میں موجود تھے۔اجلاس میں پی ٹی وی ڈرامہ اینڈ فلم اکیڈمی کی بحالی، پی ٹی وی ہوم کی ری ویمپنگ کے لئے تربیتی پروگراموں، جدید تکنیکی سہولیات اور عملی تربیت پر مبنی مختلف ماڈلز کا جائزہ لیا گیا۔

(40)

کیے جانے کے اخراجات بھی صارفین سے وصول کیے جانے لگے۔دوسری جانب ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن نے آئندہ ماہ سے سرکاری قیمت پر فروخت کی امید ظاہر کرتے ہوئے دعوی کیا ہے کہ حکومت کے ساتھ قیمتوں کے تعین کا فارمولا طے پاگیا ہے۔رپورٹ کے مطابق موسم کی تبدیلی اور توانائی بحران کے باعث ایل پی جی کی کھپت میں اضافہ ہورہا ہے، جس کے ساتھ ہی قیمتوں میں بھی اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔لاہور سمیت ملک کے مختلف شہروں میں ایل پی جی سرکاری نرخوں سے کہیں زیادہ قیمت پر فروخت کی جارہی ہے۔دکانداروں کے خلاف کارروائیوں کے باوجود صارفین کو سرکاری قیمت پر گیس کی فراہمی ممکن نہیں ہوسکی۔اوگرا کے اعداد و شمار کے مطابق ملک میں ایل پی جی کی 411 کمپنیوں میں سے صرف 45 کمپنیوں کے پاس مقامی پیداوار کا کوٹہ ہے، جبکہ 300 سے زائد کمپنیاں انہی کمپنیوں سے ایل پی جی خرید کر آگے فروخت کرتی ہیں۔اس صورتحال کے باعث اوگرا کوٹہ سسٹم ختم کرکے بولی کا نظام متعارف کروانے کی کوشش کررہا ہے۔ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے مرکزی رہنما رانا عبدالجبار نے کہا کہ ایل پی جی مہنگی فروخت کرنے کے ذمہ دار ڈسٹری بیوٹرز نہیں بلکہ پلانٹس ہیں۔ان کے بقول پلانٹس سے ایل پی جی تقریبا ساڑھے پانچ سو روپے فی کلو کے حساب سے مل رہی ہے تو اسے اوگرا کے مقرر کردہ نرخوں پر کیسے فروخت کیا جاسکتا ہے؟رانا عبدالجبار کا کہنا تھا کہ اوگرا کا قیمتوں سے متعلق نوٹیفکیشن بھی درست نہیں، اس میں نقل و حمل سمیت دیگر اخراجات 2016 کے مقرر کردہ نرخوں کے مطابق شامل کیے گئے ہیں، جبکہ گزشتہ 10 برسوں میں اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوچکا ہے۔یہی وجہ ہے کہ ایل پی جی سرکاری قیمت پر دستیاب نہیں اور موجودہ فارمولے کے تحت اس کی فروخت ممکن بھی نہیں۔انہوں نے بتایا کہ ایسوسی ایشن نے حکومت کو قیمتوں کے تعین کے لیے مکمل شیڈول پیش کردیا ہے، جس پر مشاورت کے بعد قانونی تقاضے پورے کرکے عمل درآمد کروایا جائے گا۔ان کے مطابق آئندہ ماہ ایل پی جی کی قیمت 400 سے 450 روپے فی کلو کے درمیان مقرر ہونے کی توقع ہے۔ایسوسی ایشن بھی چاہتی ہے کہ کمپنیوں کی اجارہ داری ختم ہو اور عوام کو سستی ایل پی جی دستیاب ہو۔دوسری جانب دکانداروں کا کہنا ہے کہ پیرافورس سمیت دیگر ادارے ان کے ایل پی جی پمپس اٹھا کر لے جاتے ہیں۔ایک پمپ کی قیمت 70 سے 75 ہزار روپے تک ہے، جس کا نقصان بھی بالآخر ایل پی جی کی قیمت بڑھا کر صارفین سے پورا کیا جاتا ہے۔دکانداروں نے سوال اٹھایا کہ ایل پی جی مافیا اور کمپنیوں کے خلاف کارروائی کے بجائے صرف دکانداروں کے خلاف آپریشن کیوں کیا جارہا ہے؟

(41)

محلہ، تھیم محلہ، گولہ محلہ، الہی بخش ہنگوزئی محلہ، کنرانی محلہ سمیت دیگر علاقوں کے رہائشی گیس کی عدم فراہمی کے باعث سخت مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑے ہیں، خواتین کو کھانا پکانے میں دشواری کا سامنا ہے جبکہ بچے صبح ناشتے کے بغیر اسکول جانے پر مجبور ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک جانب گیس دستیاب نہیں تو دوسری جانب ایل پی جی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے گھریلو بجٹ تباہ کردیا ہے۔افسوسناک امر یہ ہے کہ گیس کی عدم فراہمی کے باوجود صارفین کو بھاری بل بھیجے جارہے ہیں، جو عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔شہریوں نے وزیراعظم پاکستان، وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی، وفاقی وزیر پٹرولیم، ایم ڈی سوئی سدرن گیس کمپنی محمد امین راجپوت، بلوچستان و بالائی سندھ کے متعلقہ سینئر جنرل منیجر مدنی احمد علی عرفات، مقامی گیس حکام، ایم این اے میر خان محمد جمالی، صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ اور دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ صحبت پور کے عوام کی مشکلات کا فوری نوٹس لیا جائے۔شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ گیس چوری اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، جبکہ قانونی میٹرز رکھنے والے صارفین کو گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔اس کے علاوہ گیس کی عدم فراہمی کے باوجود بھاری بل بھیجنے کا نوٹس لے کر صارفین کو ریلیف فراہم کیا جائے۔شہریوں نے متعلقہ گیس حکام سے درد مندانہ اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ خدارا صحبت پور کے عوام پر رحم کیا جائے، گیس پائپ لائنوں اور سپلائی نظام کا تکنیکی معائنہ کروا کر گیس کی فراہمی بحال کی جائے تاکہ شہری، خواتین اور معصوم بچے اس اذیت سے نجات حاصل کرسکیں۔

(42)

کی جانب سفر کر رہا تھا کہ سعودی عرب کے علاقے راس انجی سے تقریبا 72 ناٹیکل میل مشرق میں اس کے بائیں جانب دو نامعلوم پروجیکٹائلز آکر لگے۔میری ٹائم کے مطابق واقعے کے بعد جہاز کے تمام عملے کی موجودگی اور سلامتی کی تصدیق کرلی گئی ہے۔ابتدائی اطلاعات میں سمندری ماحول کو کسی قسم کے نقصان یا آلودگی کی نشاندہی بھی نہیں ہوئی۔تاحال حملے میں استعمال ہونے والے پروجیکٹائلز کی نوعیت اور واقعے کے ذمہ داروں کے بارے میں تفصیلات سامنے نہیں آئیں۔ یہ واقعہ ایسے وقت میں پیش آیا ہے جب مشرق وسطی میں کشیدگی کے باعث خلیج اور اس کے اہم بحری راستوں پر تجارتی جہازوں کی سلامتی کے حوالے سے خدشات پائے جاتے ہیں۔ادھر یمن میں آئینی حکومت کی حمایت کرنے والے سعودی قیادت میں قائم اتحاد کے ترجمان کرنل ترکی المالکی نے بتایا کہ حوثی ملیشیا کی جانب سے سعودی عرب کے جنوبی علاقے کی طرف داغے گئے بیلسٹک میزائل کو فضائی دفاعی نظام نے کامیابی سے روک کر تباہ کردیا۔سعودی عرب کے محکمہ شہری دفاع نے اعلان کیا ہے کہ نجران صوبے، خمیس مشیط گورنریٹ اور شہر ابہا میں خطرے کی صورت حال ختم ہوچکی ہے۔حکام نے شہریوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ محکمہ شہری دفاع کی جاری کردہ ہدایات پر عمل جاری رکھیں اور متاثرہ مقامات پر جمع ہونے یا وہاں ویڈیوز بنانے سے گریز کریں۔کسی بھی ہنگامی صورت حال میں شہریوں کو 998 پر رابطہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔سعودی حکام نے خبردار کیا ہے کہ میزائلوں اور ڈرونز کو روکنے کے واقعات، ان کے اثرات یا ان مقامات سے متعلق ویڈیوز بنانا، معلومات شائع کرنا یا سوشل میڈیا پر شیئر کرنا قانونی کارروائی کا سبب بن سکتا ہے۔حکام نے شہریوں پر زور دیا ہے کہ وہ حساس سکیورٹی معلومات کی تشہیر سے گریز کریں اور سرکاری ہدایات پر عمل کریں۔دریں اثنا یمن کی افواج نے دعوی کیا ہے کہ اس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 1,272 کارروائیوں کے دوران تقریبا 500 حوثی جنگجوں اور فیلڈ کمانڈروں کو ہلاک وزخمی کردیا ہے۔فوج کے ترجمان ماجد النزیلی نے کہا کہ کارروائیوں میں 169 گاڑیوں، آلات اور بھاری ہتھیاروں کو تباہ یا نقصان پہنچا۔تاہم بیان میں یہ واضح نہیں کیا گیا کہ حوثیوں میں سے کتنے ہلاک یا زخمی ہوئے۔امریکی سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک بیان میں النزیلی نے کہا کہ حملوں میں یمن کے آپریشن ڈان کے حصے کے طور پر حوثی ٹھکانوں، کمک، قلعہ بندی، فائرنگ کی جگہوں اور سپلائی راستوں کو نشانہ بنایا گیا۔

(43)

اسپتال منتقل کردیا گیا۔ڈی پی او صلاح الدین کنڈی کا کہنا ہے کہ واقعے کی وجہ اور محرکات جاننے کیلیے ہر پہلو سے تحقیقات کر رہے ہیں، ملزمان کی گرفتاری کے لیے آپریشن جاری ہے۔

(44)

آسکیں۔زلزلے کے باعث شہری خوفزدہ ہو کر گھروں اور عمارتوں سے باہر نکل آئے۔زلزلے کے نتیجے میں کسی جانی یا مالی نقصان کی اطلاع موصول نہیں ہوئی، انتظامیہ اور متعلقہ ادارے صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں۔

(45)

محلہ، تھیم محلہ، گولہ محلہ، الہی بخش ہنگوزئی محلہ، کنرانی محلہ سمیت دیگر علاقوں کے رہائشی گیس کی عدم فراہمی کے باعث سخت مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔گھروں میں چولہے ٹھنڈے پڑے ہیں، خواتین کو کھانا پکانے میں دشواری کا سامنا ہے جبکہ بچے صبح ناشتے کے بغیر اسکول جانے پر مجبور ہیں۔شہریوں کا کہنا ہے کہ ایک جانب گیس دستیاب نہیں تو دوسری جانب ایل پی جی کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے گھریلو بجٹ تباہ کردیا ہے۔افسوسناک امر یہ ہے کہ گیس کی عدم فراہمی کے باوجود صارفین کو بھاری بل بھیجے جارہے ہیں، جو عوام کے ساتھ سراسر ناانصافی ہے۔شہریوں نے وزیراعظم پاکستان، وزیراعلی بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی، وفاقی وزیر پٹرولیم، ایم ڈی سوئی سدرن گیس کمپنی محمد امین راجپوت، بلوچستان و بالائی سندھ کے متعلقہ سینئر جنرل منیجر مدنی احمد علی عرفات، مقامی گیس حکام، ایم این اے میر خان محمد جمالی، صوبائی وزیر میر سلیم خان کھوسہ اور دیگر متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ صحبت پور کے عوام کی مشکلات کا فوری نوٹس لیا جائے۔شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ گیس چوری اور غیر قانونی کنکشنز کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، جبکہ قانونی میٹرز رکھنے والے صارفین کو گیس کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔اس کے علاوہ گیس کی عدم فراہمی کے باوجود بھاری بل بھیجنے کا نوٹس لے کر صارفین کو ریلیف فراہم کیا جائے۔شہریوں نے متعلقہ گیس حکام سے درد مندانہ اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ خدارا صحبت پور کے عوام پر رحم کیا جائے، گیس پائپ لائنوں اور سپلائی نظام کا تکنیکی معائنہ کروا کر گیس کی فراہمی بحال کی جائے تاکہ شہری، خواتین اور معصوم بچے اس اذیت سے نجات حاصل کرسکیں۔

(46)

کے نام لسٹ سے خارج کردیئے گئے۔ایف بی آر حکام کا کہنا ہے کہ ٹیکس ریٹرن جمع کرانے کی آخری تاریخ میں دو مرتبہ توسیع کی گئی تھی، تاخیر سے ریٹرن جمع کرانے والے محض ریٹرن فائل کر کے ایکٹو ٹیکس پیئر نہیں بن سکیں گے۔لسٹ میں واپسی کے لیے اضافی سرچارج ادا کرنا ہوگا۔توسیع کی درخواست دینے والے بعض افراد کے نام نئی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہیں، توسیع کی درخواست منظور ہونے تک ٹیکس دہندگان کا اسٹیٹس غیر فعال رہے گا۔کاروباری نقصانات اگلے سال منتقل کرنے کا حق بھی متاثر ہوسکتا ہے۔ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں نام نہ ہونے پر نان فائلرز کو زیادہ شرح سے ٹیکس دینا ہوگا، تاخیر سے ریٹرن جمع کرانے والوں کو صرف ریٹرن فائل کرنے سے ایکٹو لسٹ میں جگہ نہیں ملے گی۔ ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ سے باہر رہنے والوں کو ٹیکس ریفنڈ ملنے میں بھی رکاوٹ ہوگی۔ایف بی آر کے مطابق ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں دوبارہ شامل ہونے کیلئے اضافی ٹیکس ادا کرنا ہوگا، انفرادی ٹیکس دہندگان کو لسٹ میں واپسی کے لئے 25 ہزار روپے سرچارج دینا ہوگا، ایسوسی ایشنز کو 50 ہزار اور کمپنیوں کو ایک لاکھ روپے سرچارج ادا کرنا ہوگا۔

(47)

مطابق پاکستان کی جانب سے یہ ذمہ داری ایسے وقت میں سنبھالی گئی ہے جب ملک 2026-27 کے لیے شنگھائی تعاون تنظیم کی بھی صدارت کررہا ہے جس سے علاقائی تجارت، سرمایہ کاری، مالیاتی روابط اور اقتصادی تعاون کے فروغ میں پاکستان کے بڑھتے ہوئے کردار کی عکاسی ہورہی ہے۔وزارت خزانہ نے سلطان علی الانہ کو چیئرمین کی اہم ذمہ داری سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستان ایس سی او کے رکن ممالک کے درمیان اقتصادی شراکت داری مضبوط بنانے، سرحد پار تجارت و سرمایہ کاری میں سہولیات فراہم کرنے اور علاقائی انضمام و مشترکہ خوشحالی کے فروغ کے لیے اپنا کردار ادا کرتا رہے گا۔

(48)

ایکٹ پر پرائیویٹ بل اسمبلی میں لانے کا اعلان کیا ہے۔اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے صوبے میں بدامنی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کی صورتحال انتہائی گھمبیر ہوچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ جب صوبے میں خان آف قلات کا بیٹا محفوظ نہیں ہے تو عام شہری کیسے محفوظ رہ سکتے ہیں۔انہوں نے انکشاف کیا کہ حالات اس حد تک خراب ہوچکے ہیں کہ وہ خود اپنے حلقے خضدار تک بذریعہ سڑک سفر نہیں کرسکتے، اس وقت بلوچستان کا کوئی بھی علاقہ امن کے لحاظ سے محفوظ نہیں رہا۔

ہنگو میں سگے بھائی کی فائرنگ سے ایک ہی خاندان کے 6 افراد جاں بحق


فائرنگ کے بعد فرار ہونے والے ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس نے تلاش شروع کردی

ہنگو (جی این ایم) ہنگو میں گھر کے اندر فائرنگ سے خواتین اور بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق تھانہ دوآبہ کی حدود میں واقع علاقے سروخیل فائرنگ سے 3 خواتین اور 2 بچوں سمیت 6 افراد جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق لاشوں کو دوآبہ (باقی صفحہ 3 نمبر43)

سعودی عرب کے قریب خلیج میں آئل ٹینکر پر دو نامعلوم پروجیکٹائلز سے حملہ

یمنی افواج کا 24 گھنٹوں میں 500 حوثی جنگجوؤں کو ہلاک و زخمی کرنے کا دعویٰ

ریاض، صنعا (جی این ایم) سعودی عرب کے مشرقی ساحل کے قریب خلیج میں سفر کرنے والے ایک ٹینکر کو دو نامعلوم پروجیکٹائلز سے نشانہ بنایا گیا، واقعے میں جہاز کے عملے کے تمام ارکان محفوظ رہے جبکہ سمندر میں تیل یا دیگر آلودگی پھیلنے کی اطلاع نہیں ملی۔ برطانوی خبر رساں ادارے کے مطابق برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز نے بتایا کہ ٹینکر خلیج میں جنوب مشرق (باقی صفحہ 3 نمبر42)



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل معرکہ حق میں فتح حاصل کرنے کے بعد پاکستان کا ابھرتا ہوا کردار کے موضوع پر قومی کانفرنس کی منعقدہ تقریب کے شرکاء میں شیلڈ تقسیم کر رہے ہیں

ایل پی جی مافیا بے لگام، ملک بھر میں سرکاری نرخوں پر گیس کی فراہمی ناممکن

ایل پی جی پمپس ضبط کیے جانے کے اخراجات بھی صارفین سے وصول کیے جانے لگے

لاہور (جی این ایم) ملک بھر میں ایل پی جی سرکاری نرخوں پر دستیاب نہ ہو سکی، دکانداروں کے خلاف کارروائیوں کے باوجود قیمتوں میں کمی نہ آسکی، جبکہ ایل پی جی پمپس ضبط (باقی صفحہ 3 نمبر40)

بلوچستان میں 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد مشتبہ شناختی کارڈز بلاک

بلاک شناختی کارڈز کی جانچ اور تصدیق کا عمل جاری ہے، نادرا حکام

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان میں 1 لاکھ 38 ہزار سے زائد مشتبہ شناختی کارڈز بلاک کر دیے گئے۔ نادرا حکام کے مطابق بلاک شناختی کارڈز کی جانچ اور تصدیق کا عمل جاری ہے۔ حکام نے بتایا ہے کہ تصدیق کے بعد مقررہ معیار پر پورا اترنے والے افراد کے کارڈز کو بحال کیا جا رہا ہے۔

پاکستان میں پہلی مرتبہ کلر گریڈنگ کی جدید تربیت فراہم کی جائے گی، عطا تارڑ

فلم انڈسٹری اور نجی شعبہ بھی مستفید ہوگا، وفاقی وزیر اطلاعات کی پی ٹی وی اکیڈمی کی بحالی کیلئے اجلاس میں گفتگو

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ نے پی ٹی وی اکیڈمی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تربیتی مرکز بنانے اور نوجوانوں کو فلم، ڈرامہ اور ڈیجیٹل مواد کی تیاری میں پیشہ ورانہ مہارتیں فراہم کرنے کے لیے جامع حکمت عملی اختیار کرنے کی (باقی صفحہ 3 نمبر39)

یونیورسل سروس فنڈ کے زیر اہتمام ٹی ایم یو سی اور برطانوی تعلیمی وفد کا خصوصی مشاورتی اجلاس

اجلاس میں ڈیجیٹل رابطوں کے ذریعے ہنر مندی کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا

اسلام آباد (جی این ایم) یونیورسل سروس فنڈ (یو ایس ایف) کے زیر اہتمام ٹی ایم یو سی (ٹی ایم یو سی) پاکستان ہائر ایجوکیشن کی قیادت اور برطانیہ سے آئے ہوئے اعلیٰ سطح کے تعلیمی وفد کے درمیان خصوصی مشاورتی اجلاس کا انعقاد کیا گیا، جس میں ڈیجیٹل کنیکٹیویٹی سے استفادہ کرتے ہوئے تعلیمی مواقع کو وسعت دینے، ہنر مندی کو فروغ دینے اور ہمہ جہت ترقی (باقی صفحہ 3 نمبر37)

حب میں جاری ترقیاتی منصوبوں کا دائرہ مزید وسیع کیا جائے گا، علی حسن زہری

شیخ ابراہیم گوٹھ میں میر علی حسن زہری کے اعزاز میں عظیم الشان جلسہ، ہزاروں افراد کی شرکت، حب میں ترقیاتی عمل مزید تیز کرنے کا اعلان

حب (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر مرکزی رہنما، ترجمان صدر مملکت آصف علی زرداری اور سابق صوبائی وزیر میر علی حسن زہری کے اعزاز میں شیخ ابراہیم گوٹھ میں ایک عظیم الشان عوامی جلسے کا انعقاد کیا گیا جس میں ہزاروں افراد نے شرکت کر کے بھرپور جوش و خروش کا مظاہرہ کیا۔ اس موقع پر کونسلر اسد شیخ نے ان کا شاندار استقبال کیا، جبکہ یوسف شیخ نے انہیں بلوچی پگ پہنا کر روایتی انداز میں خوش آمدید کہا۔ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے میر علی حسن زہری (باقی صفحہ 3 نمبر36)



صحبت پور، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ کو زیر تعمیر صحبت پور بائی پاس کے بارے میں بریفنگ دی جا رہی ہے

اسلام آباد ہائیکورٹ کا نیا ڈیوٹی روسٹر جاری

رواں ہفتے سے 10 سنگل اور 5 ڈویژن بینچز مقدمات کی سماعت کریں گے

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ہائیکورٹ نے پیر سے تا حکم ثانی ججز کا نیا ڈیوٹی روسٹر جاری کر دیا۔ روسٹر کے تحت رواں ہفتے سے 10 سنگل اور 5 ڈویژن بینچز مقدمات کی سماعت کریں گے۔ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر کی منظوری کے بعد رجسٹرار آفس نے نیا ڈیوٹی روسٹر جاری کیا گیا۔ ڈیوٹی روسٹر کے مطابق پہلا ڈویژن بینچ چیف جسٹس سرفراز ڈوگر اور جسٹس شاہ رخ ارجمند پر (باقی صفحہ 3 نمبر32)

حق سچ کی آواز اٹھانے والے صحافیوں پر ظلم و تشدد بند ہونا چاہیے، مریم نواز

سچ کی راہ پر چلنے والے صحافیوں کے ساتھ ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ کریں گے، وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (جی این ایم) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ حق سچ کی آواز اٹھانے والے صحافیوں پر ظلم و تشدد بند ہونا چاہیے۔ صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں وزیر اعلیٰ پنجاب کا کہنا تھا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان، سچائی کے علمبردار ہیں، حق اور سچ کی راہ پر چلنے والے صحافیوں کے ساتھ ہیں اور ان کے حقوق کا تحفظ کریں (باقی صفحہ 3 نمبر30)

لاہور میں ڈیجیٹل چالان نادہندگان کے خلاف عدالتی کارروائی کا آغاز

زیر التوا چالان اور ضبط شدہ دستاویزات کی تعداد 8 لاکھ کے قریب پہنچ گئی

لاہور (جی این ایم) لاہور میں ڈیجیٹل چالان نادہندگان کے خلاف عدالتی کارروائی کا آغاز ہوگیا۔ 10 دن میں چالان جمع نہ کروانیوالے شہریوں کو عدالتی سمن بھجوائے جائیں گے۔ نوٹس کے باوجود چالان جمع نہ کروانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے گی، لاہور کی تمام کچہریوں میں عدالتی معاونت اور چالان ریکوری میں معاونت کے لیے ٹریفک وارڈنز تعینات (باقی صفحہ 3 نمبر29)

امریکی وسط مدتی انتخابات آج ہوں گے، ٹرمپ کی جماعت کو سخت مقابلے کا سامنا

ایوانِ نمائندگان کی تمام 435 نشستوں اور سینیٹ کی 35 نشستوں پر ووٹنگ ہوگی

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا میں وسط مدتی انتخابات آج 3 نومبر (منگل کو) منعقد ہوں گے، جن میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی جماعت ری پبلکن پارٹی کو کانگریس میں اپنی اکثریت برقرار رکھنے کا چیلنج درپیش ہے۔ عالمی میڈیا رپورٹس کے مطابق انتخابات میں ایوانِ نمائندگان کی تمام 435 نشستوں اور سینیٹ کی 35 نشستوں پر ووٹنگ ہوگی۔ رائے عامہ (باقی صفحہ 3 نمبر28)



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ کے معاون برائے سیاسی امور و میڈیا شاہد رند پریس کانفرنس کر رہے ہیں

تھر پارکر میں زلزلے کے جھٹکے، جانی یا مالی نقصان کی اطلاع نہیں ملی

تھر پارکر (جی این ایم) تھر پارکر کے مختلف علاقوں میں زلزلے کے جھٹکے سے محسوس کیے گئے۔ اسلام کوٹ شہر اور گردونواح میں رات 1 بجکر 35 منٹ پر چند سیکنڈ تک زلزلے کے جھٹکے محسوس ہوئے کیے گئے۔ زلزلے کی شدت اور مرکز سے متعلق تا حال معلومات سامنے نہیں (باقی صفحہ 3 نمبر44)

صحبت پور میں گیس کی عدم فراہمی شہریوں کے لیے عذاب بن گئی

حیر دین (جی این ایم) صحبت پور میں 2010ء کے سیلاب کے بعد گیس پائپ لائنوں میں پانی داخل ہونے کے باعث گیس کی ترسیل کا نظام متاثر ہونے کی شکایات تا حال برقرار ہیں، جس کے باعث شہر کے متعدد محلے گیس کی سہولت سے محروم ہیں۔ آئے روز گیس کی عدم فراہمی نے شہریوں بالخصوص خواتین کو شدید پریشانی میں مبتلا کر رکھا ہے۔ شہر کے حق باھو محلہ، ہندو محلہ، عمرانی (باقی صفحہ 3 نمبر41)



استنبول، پاکستان کے قونصل جنرل خواجہ خرم نعیم سے وفاقی وزیر برائے تجارت جام کمال خان ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن کا مائنز اینڈ منرلز ایکٹ پر پرائیویٹ بل لانے کا اعلان

خان آف قلات کا بیٹا بھی محفوظ نہیں تو عام شہری کیسے ہوں گے، اپوزیشن لیڈر یونس عزیز زہری

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر میر یونس عزیز زہری نے ایک اہم اور سنسنی خیز انٹرویو دیتے ہوئے صوبے میں امن و امان کی ابتر صورتحال، مدارس بل اور معدنیات کے قوانین کے حوالے سے صوبائی حکومت کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے اور مائنز اینڈ منرلز (باقی صفحہ 3 نمبر4)

پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم کے بینکوں کے کنسورشیم کی چیئرمین شپ سنبھال لی

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے شنگھائی تعاون تنظیم (ایس سی او) کے بینکوں کے کنسورشیم (ایس سی او-آئی بی سی) کی 27-2026 کے لیے چیئرمین شپ سنبھال لی ہے، سلطان علی الانہ نے کنسورشیم کے چیئرمین کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ وزارت خزانہ کے (باقی صفحہ 3 نمبر3)

اسد قیصر، عاطف خان، لطیف کھوسہ، فیصل گنڈاپور کی ضمانت قبل از گرفتاری منظور

اسلام آباد (جی این ایم) انسدادِ دہشت گردی عدالت نے 26 نومبر احتجاج کیس میں پی ٹی آئی رہنماؤں اسد قیصر، عاطف خان، لطیف کھوسہ اور فیصل امین گنڈاپور کی درخواستِ ضمانت قبل از گرفتاری منظور کرلی۔ رپورٹ کے مطابق انسدادِ دہشت گردی عدالت اسلام آباد میں پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف 26 نومبر احتجاج اور سپریم کورٹ کیسز پر (باقی صفحہ 3 نمبر5)

تیزی سے بڑھتے عالمی درجہ حرارت کی قیمت غریب ممالک ادا کر رہے ہیں، مصدق ملک

دنیا کے حوالے سے گلوبل ویلج کا تصور اب تبدیل ہوگیا ہے، وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک کا کہنا ہے کہ اس سال غریب ممالک کو ملنے والے فنڈز میں 23 فیصد کمی ہوئی۔ دنیا کے حوالے سے (باقی صفحہ 3 نمبر1)

ٹیکس ریٹرن جمع نہ کرانے والوں کے نام ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ سے خارج

انفرادی ٹیکس دہندگان کو لسٹ میں واپسی کیلئے 25 ہزار روپے سرچارج دینا ہوگا، ایف بی آر

اسلام آباد (جی این ایم) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے سال 2026 کی ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ اپ ڈیٹ کر دی۔ 31 اکتوبر تک ریٹرن جمع نہ کرانے والوں (باقی صفحہ 3 نمبر2)



کوئٹہ، مشیر ترقی نسواں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی گورنر ہاؤس میں منعقدہ ابھرتا ہوا کردار کے موضوع پر کانفرنس سے خطاب کر رہی ہیں

مضبوط وفاق ہی مضبوط پاکستان کی ضمانت ہے، قدوس بزنجو

پاکستان ہے تو بلوچستان ہے اور بلوچستان پاکستان ہے۔ بلوچستان پاکستان کا ایک اہم صوبہ ہے، سینیٹر

سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان کی گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے اہم ملاقات، اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال

کوئٹہ/پشاور (جی این ایم) سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور پاکستان پیپلز پارٹی کے سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو نے گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے اہم ملاقات کی، جس میں ملکی سیاسی و معاشی صورتحال، باہمی دلچسپی کے امور، صوبوں کے درمیان بھائی چارے، قومی یکجہتی، عوامی مسائل اور ملک کو درپیش مختلف چیلنجز سمیت دیگر اہم معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا ملاقات کے دوران دونوں رہنماں نے اس امر پر زور دیا کہ پاکستان کی ترقی، استحکام اور خوشحالی کے لیے وفاق اور تمام صوبوں کے درمیان مضبوط رابطے، باہمی تعاون اور ہم آہنگی کو مزید فروغ دینا وقت کی اہم (باقی صفحہ 3 نمبر6)

ملک بھر میں انسدادِ پولیو مہم شروع، 8 نومبر تک جاری رہے گی، نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر

پانچ سال سے کم عمر کے تقریبا 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

اسلام آباد (جی این ایم) ملک بھر میں انسدادِ پولیو مہم کا آغاز ہوگیا ہے، جو 8 نومبر تک جاری رہے گی۔ نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر (این ای او سی) کے مطابق مہم کے دوران ملک کے 97 منتخب اضلاع میں پانچ سال سے کم عمر بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلائے جائیں گے۔ این ای او سی کے مطابق مہم کے دوران 2 لاکھ سے زائد تربیت یافتہ فرنٹ لائن ورکرز گھر گھر (باقی صفحہ 3 نمبر7)



کوئٹہ، صوبائی مشیر ماحولیات وموسمیاتی تبدیلی لیم نسیم الرحمان خان ملاخیل آل پاکستان کلرک ایسوسی ایشن ایپکا یونٹ ماحولیات کی تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں

لورالائی ٹیچنگ ہسپتال میں بھرتیوں کے انٹرویوز شروع

ہسپتال میں طبی سہولیات کی بہتری کے لیے اقدامات جاری ہیں، علی نواز جمالی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر آفس لورالائی میں ٹیچنگ ہسپتال لورالائی کی عارضی خالی آسامیوں پر بھرتی کے لیے انٹرویوز کا سلسلہ شروع ہوگیا۔ انٹرویوز ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر لورالائی علی نواز جمالی کی زیر صدارت منعقد ہوئے، جن میں مختلف آسامیوں کے لیے امیدواروں کی تعلیمی قابلیت، تجربے اور متعلقہ شعبے میں اہلیت کا جائزہ لیا گیا انٹرویو کمیٹی کے دیگر اراکین میں میڈیکل (باقی صفحہ 3 نمبر10)

روزانہ 10 سے 12 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ! نیپرا کا کے الیکٹرک کو بڑا حکم

کراچی (جی این ایم) نیپرا نے کے الیکٹرک کو سخت ہدایت کی ہے کہ صنعتی علاقوں میں غیر اعلانیہ اور ضرورت سے زیادہ لوڈشیڈنگ فوراً بند کی جائے۔ تفصیلات کے مطابق سائٹ انڈسٹریل ایریا میں طویل لوڈشیڈنگ کے خلاف 19 صنعتی اداروں کی درخواست پر نیپرا نے (باقی صفحہ 3 نمبر38)

کینیڈا جانے کے خواہشمند پاکستانی ہوشیار! نئے امیگریشن قوانین نافذ

اونٹاریو (جی این ایم) کینیڈا کے امیگریشن قوانین میں بڑی تبدیلیاں کردی گئیں، جس کے تحت سخت شرائط عائد کی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق کینیڈا نے اپنی سرحدی سیکیورٹی کو مضبوط بنانے اور امیگریشن نظام کو شفاف بنانے کے لیے تاریخ کا ایک اہم اور جامع قانون (باقی صفحہ 3 نمبر9)

ژوب، انجمن تاجران کے صدر کی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سے ملاقات، درپیش مسائل پر تبادلہ خیال

بازاروں کی بہتری اور تاجروں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، اے ڈی سی ژوب کی یقین دہانی

ژوب (جی این ایم) انجمن تاجران رجسٹرڈ بلوچستان، ژوب شاپنگ کے صدر نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ژوب حبیب اللہ خان سے ملاقات کی ملاقات کے دوران تاجر برادری کو درپیش مسائل، مشکلات اور بازاروں کی بہتری سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ژوب حبیب اللہ خان نے یقین دہانی کرائی کہ وہ ان شاء اللہ شاپنگ ایریا سے (باقی صفحہ 3 نمبر8)

پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے کیلئے مشترکہ کوششیں جاری رکھنا ہوں گی، خاتونِ اول

والدین مہم کے دوران پانچ سال سے کم عمر ہر بچے کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کو یقینی بنائیں

اسلام آباد (جی این ایم) خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری نے والدین، کمیونٹی نمائندوں اور متعلقہ فریقین پر زور دیا ہے کہ وہ نومبر کی انسدادِ پولیو مہم کی کامیابی کے لیے بھرپور تعاون کریں، پاکستان کو پولیو سے پاک بنانے اور ہر بچے کو اس بیماری سے محفوظ رکھنے تک کوششیں جاری رکھنا ہوں گی۔ ایوان صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق انہوں نے یہ بات (باقی صفحہ 3 نمبر12)

ثمر ہارون بلور نے خیبر پختونخوا کے محکمہ ریلیف، بحالی و آبادکاری کا بھی چارج سنبھال لیا

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا کی مشیر برائے اطلاعات و تعلقاتِ عامہ ثمر ہارون بلور نے محکمہ ریلیف، بحالی و آبادکاری کا چارج سنبھال لیا۔ انہوں نے اہم ذمہ داری سونپنے پر گورنر کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اعتماد پر اظہارِ تشکر کیا۔ ثمر ہارون بلور نے کہا کہ گورنر خیبر پختونخوا (باقی صفحہ 3 نمبر35)

ایران پر امریکا کا نیا حملہ پاگل پن کا اقدام ہوگا، محمد البرادعی

قاہرہ (جی این ایم) مصری سیاست دان اور سابق سربراہ عالمی جوہری توانائی ایجنسی محمد البرادعی نے خبردار کیا ہے کہ امریکا کی جانب سے ایران پر نئے حملوں کی صورت میں مشرقِ وسطیٰ کو بھاری قیمت چکانا پڑے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں محمد البرادعی (باقی صفحہ 3 نمبر11)

سی ٹی ڈی اہلکار کی سابقہ اہلیہ اور پولیس حوالدار کے خلاف پریس کانفرنس، سنگین الزامات عائد

گھریلو مداخلت، مالی نقصان اور دھمکیوں پر وزیر اعلیٰ، آئی جی پولیس اور چیف جسٹس بلوچستان سے انصاف کی اپیل

کوئٹہ (جی این ایم) سی ٹی ڈی بلوچستان کے اہلکار محمد آصف (رہائشی جوائنٹ روڈ کوئٹہ) نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے اپنی سابقہ اہلیہ اور پولیس حوالدار یاسر کے خلاف شدید تحفظات اور سنگین الزامات کا اظہار کیا ہے، جبکہ وزیر اعلیٰ بلوچستان اور اعلیٰ حکام سے فوری انصاف کی اپیل کی ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کانسٹیبل محمد آصف نے (باقی صفحہ 3 نمبر13)

ایران کے ساتھ ممکنہ نئی جنگ کیلئے اسرائیل نے فوجی تیاریاں مکمل کر لیں

سربراہ سینٹ کام نے صدر ٹرمپ کو دوبارہ حملے شروع کرنے کے منصوبے پیش کر دیئے، رپورٹ

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی اخبار نے کہا ہے کہ اسرائیل نے ایران کے ساتھ ممکنہ طور پر دوبارہ جنگ شروع ہونے کے پیش نظر اپنی فوجی تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ اسرائیلی اخبار یدیعوت احرونوت کی رپورٹ کے مطابق اسرائیل نے دفاعی اور جارحانہ دونوں طرح کی تیاریاں مکمل کر لی ہیں اور فوجی تیاریاں اب محض منصوبہ بندی تک محدود نہیں رہیں بلکہ عملی مشقوں (باقی صفحہ 3 نمبر14)

اسلام آباد بلدیاتی انتخابات، کاغذاتِ نامزدگی جمع کرانے کا آغاز

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کا انتخابی عمل شروع ہوگیا۔ امیدوار 6 نومبر تک کاغذاتِ نامزدگی جمع کراسکیں گے۔ وفاقی دارالحکومت میں 20 دسمبر کو ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے لئے انتخابی (باقی صفحہ 3 نمبر34)

خلیجی تعاون کونسل کی قطر کے گیس بردار جہاز پر حملے کی مذمت، کشیدگی میں خطرناک اضافہ قرار

دبئی (جی این ایم) خلیجی تعاون کونسل (جی سی سی) نے قطر کے مائع گیس بردار جہاز پر حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے کشیدگی میں خطرناک اضافہ قرار دیا ہے کونسل کے سیکریٹری جنرل جاسم محمد البدیوی نے ایک بیان میں کہا (باقی صفحہ 3 نمبر19)

ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے 48 گھنٹے کا نیا منصوبہ پیش کردیا

امریکا کی جانب سے کچھ پہلے مطلوبہ اقدامات سے مشروط

تہران (جی این ایم) قطر کی ثالثی میں امریکا اور ایران کے درمیان مذاکرات میں بڑی پیشرفت، ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے 48 گھنٹے کا نیا منصوبہ پیش کردیا جبکہ ایران نے منصوبے کو امریکا کی جانب سے کچھ پہلے مطلوبہ اقدامات سے مشروط بھی کردیا۔ (باقی صفحہ 3 نمبر15)

خیبر پختونخوا حکومت کا کان کنی کیلئے دھماکا خیز مواد کی نگرانی کرنے کا فیصلہ

دھماکا خیز مواد کی نگرانی اور انتظامی امور کیلئے 7 رکنی صوبائی کمیٹی تشکیل

پشاور (جی این ایم) خیبر پختونخوا حکومت نے کان کنی کیلئے دھماکا خیز مواد کی نگرانی اور کنٹرول کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ دھماکا خیز مواد کی نگرانی، ضابطہ بندی اور انتظامی امور کیلئے 7 رکنی صوبائی کمیٹی تشکیل دیدی گئی، صوبائی ایکسپلوسوز کوآرڈینیشن، مانیٹرنگ اینڈ اوورسائٹ کمیٹی قائم کرنے کا اعلامیہ جاری کردیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق اسپیشل سیکریٹری محکمہ زراعت خیبر پختونخوا کمیٹی (باقی صفحہ 3 نمبر16)

کراچی، مبینہ پولیس مقابلوں میں 6 زخمی سمیت 9 ڈاکو گرفتار

کراچی (جی این ایم) کراچی میں ایس آئی یو، گلشن معمار، پاک کالونی، اورنگی ٹاؤن اور پاکستان بازار پولیس نے مبینہ مقابلوں کے بعد 6 زخمی سمیت 9 ڈاکوؤں کو گرفتار کر کے اسلحہ، منشیات اور دیگر سامان برآمد کرلیا۔ تفصیل (باقی صفحہ 3 نمبر33)

امریکا کا یوکرین کے راستے یورپ کو روسی گیس کی فراہمی بحال کرنے پر زور

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا نے یوکرین سے گزرنے والی پائپ لائنوں کے ذریعے یورپ کو روسی قدرتی گیس کی فراہمی جلد بحال کرنے کی حمایت کردی۔ امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق اس تجویز کا (باقی صفحہ 3 نمبر18)

لاہور میں 10 ماہ میں 112 افراد نے اپنی جانیں لے لیں

خودکشی کے واقعات میں غربت، محبت میں ناکامی، گھریلو ناچاقی سمیت دیگر محرکات کارفرما رہے، ایدھی ترجمان

لاہور (جی این ایم) شہر لاہور میں خودکشی کے واقعات تھم نہ سکے، رواں سال 10 ماہ کے دوران 112 افراد نے مختلف وجوہات پر خودکشی کرلی۔ ایدھی ترجمان کے مطابق یکم جنوری تا 31 اکتوبر خودکشی کرنے والوں میں 25 خواتین اور 87 مرد شامل ہیں، ماہ جنوری (باقی صفحہ 3 نمبر17)

آبنائے ہرمز میں 2 آئل ٹینکر بارودی سرنگوں سے ٹکرا گئے، ایک میں آگ بھڑک اٹھی

تہران (جی این ایم) ایران کے پاسدارانِ انقلاب نے دعویٰ کیا ہے کہ آبنائے ہرمز میں دو آئل ٹینکرز بحری بارودی سرنگ سے ٹکرا کر دھماکے کا شکار ہوگئے ہیں جن میں سے ایک سپر ٹینکر میں شدید دھماکے کے بعد ہولناک آگ بھڑک اٹھی ہے۔ غیرملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق پاسدارانِ انقلاب نے اپنے بیان میں کہا کہ یہ (باقی صفحہ 3 نمبر31)



کوئٹہ، سیکرٹری صحت مجیب الرحمٰن بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر بلوچستان کے 31 اضلاع میں پولیو مہم کا آغاز کر رہے ہیں

اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات، چیف الیکشن کمشنر نے 10 نومبر کو اہم اجلاس طلب کرلیا

اسلام آباد (جی این ایم) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجا نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے 10 نومبر کو اہم اجلاس طلب کرلیا، جس میں سیکرٹری داخلہ، چیف کمشنر اور آئی جی اسلام آباد انہیں سکیورٹی پلان پر بریفنگ دیں گے۔ وفاقی دارالحکومت میں بلدیاتی (باقی صفحہ 3 نمبر22)

ڈیرہ مراد جمالی، ریلوے ٹریک پر جعفر ایکسپریس کی ٹکر سے 6 سالہ بچی جاں بحق

ہسپتال میں ڈاکٹروں کی عدم موجودگی پر ڈپٹی کمشنر و رینڈر لعل کی شدید برہمی، علاقے میں سوگ کی فضاء

نصیر آباد (جی این ایم) ڈیرہ مراد جمالی میں جعفر ایکسپریس ٹرین کی ٹکر سے چھ سالہ بچی جاں بحق ہوگئی۔ افسوسناک واقعہ کچی پھاٹک کے قریب ریلوے اسٹیشن کے نزدیک پیش آیا، جہاں بچی ٹرین کی زد میں آ کر موقع پر ہی دم توڑ گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق جاں بحق ہونے والی بچی کی شناخت منتشا کے نام سے ہوئی ہے، جس کی عمر چھ سال بتائی جاتی ہے۔ واقعے کی اطلاع (باقی صفحہ 3 نمبر21)

وندر، گڈانی سے اورماڑہ تک سمندری حدود میں ممنوعہ وائر نیٹ کے ذریعے غیر قانونی شکار جاری

محکمہ فشریز کی مبینہ چشم پوشی سے سمندری حیات کی نسلیں خطرے میں، مقامی ماہی گیر نانِ شبینہ کے محتاج

وندر (جی این ایم) وندر، گڈانی سے اورماڑہ تک سمندری حدود میں ممنوعہ وائر نیٹ جال کا استعمال چھوٹی مچھلیوں کا غیر قانونی شکار جاری محکمہ فشریز لسبیلہ حب کے افسران کی مبینہ ملی بھگت سمندر بانجھ ہونے کا خدشہ چھوٹے ماہی گیر نانِ شبینہ کے محتاج ہو گئے سمندری وسائل (باقی صفحہ 3 نمبر20)



ڈپٹی کمشنر سبی میجر (ر) الیاس کبزئی BSDI فیز تھری کے تحت واٹر سپلائی پائپ لائن کی بچھائی کے منصوبے کا معائنہ کر رہے ہیں

ایران کو معاہدہ کرنا ہوگا ورنہ امریکا جلد معاملہ نمٹا دیگا، ڈونلڈ ٹرمپ

بطور صدر جو کام کیا وہ آج تک کسی اور صدر نے نہیں کیا، ڈیموکریٹس کو کسی صورت مڈ ٹرم انتخابات میں کامیابی نہیں ملنی چاہیے

میں لوگوں کی جانیں بچانے کی کوشش کرنا چاہتا ہوں، لیکن ایک مرحلے پر ہمیں سخت کارروائی کرنا ہوگی، امریکی صدر کا خطاب

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران کے خلاف امریکا اور اسرائیل کی جنگ بہت جلد ختم ہو جائے گی، یہ معاملہ دوسرے طریقے سے جلد اپنے انجام کو پہنچے گا، ایران کو معاہدہ کرنا ہوگا ورنہ امریکا جلد معاملہ نمٹا دیگا۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے وسط مدتی انتخابات سے قبل انتخابی مہم کے آخری جلسے میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ میں لوگوں کی جانیں بچانے کی کوشش کرنا چاہتا ہوں، لیکن ایک مرحلے پر ہمیں سخت کارروائی کرنا ہوگی۔ صدر ٹرمپ نے ریپبلکن جماعت کی کامیابی کے لیے بھرپور اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی عوام کو انتخابات میں ووٹ ڈالنے کے لیے باہر نکلنا ہوگا کیونکہ ان کی جماعت کی کامیابی کا دارومدار ووٹرز کی شرکت پر ہے۔ ٹرمپ نے کہا کہ گزشتہ 2 ہفتوں کے دوران انہوں نے ملک بھر میں انتخابی مہم چلائی اور اس دوران عوام (باقی صفحہ 3 نمبر23)

پی ٹی آئی کی 4 فرنچائز، مذاکرات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، فیصل کنڈی

سہیل آفریدی کے وارنٹ گرفتاری کے قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، وزیر اعلیٰ خیبر پشتونخوا

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی سے مذاکرات کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہمیں جس محکمے کی بریفنگ دی جاتی ہے ہم سر پکڑ لیتے ہیں، شہر میں جو صفائی ہو رہی ہے کیا یہ وہ نہیں کر سکتے تھے، تب ملازمین ان کے گھروں میں نوکری کر رہے تھے یا گھر بیٹھے تنخواہ لے رہے تھے مگر جس نے اب گھر (باقی صفحہ 3 نمبر26)

ایران کا 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے سے انکار

تہران (جی این ایم) ایران نے 60 فیصد افزودہ یورینیم کسی تیسرے ملک منتقل کرنے کے امکان کو مسترد کردیا۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا ہے کہ تہران اپنا افزودہ یورینیم کسی دوسرے ملک (باقی صفحہ 3 نمبر27)

بانی سے ملاقات کی ہر طریقے سے کوشش کی، بیرسٹر سیف کے دعوے جھوٹے ہیں، بیرسٹر گوہر

پشاور (جی این ایم) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے بیرسٹر سیف کے دعوؤں کو مسترد کردیا۔ پشاور میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی سے ملاقات کیلئے ہر ممکن کوشش کرتے رہے ہیں، بیرسٹر سیف (باقی صفحہ 3 نمبر25)

قلات، پولیس میں تمام مراحل میں کامیاب 126 نئے اہلکاروں کو تقرری آرڈرز جاری

شمولیت عوامی خدمت کا بہترین موقع ہے، ڈیوٹی کو عبادت سمجھ کر قانون کی بالادستی یقینی بنائیں، ایس ایس پی

قلات (جی این ایم) ضلع قلات میں بلوچستان پولیس میں بھرتی کے تمام مراحل کامیابی سے مکمل کرنے والے 109 مرد اور 17 خواتین اہلکاروں کو تقرری آرڈرز جاری کر دیے گئے ہیں۔ اس سلسلے میں پولیس لائن قلات میں نئے بھرتی ہونے والے اہلکاروں کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جہاں ایس ایس پی قلات سید زاہد حسین شاہ نے جوانوں میں تقرری آرڈرز تقسیم کیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایس ایس پی قلات (باقی صفحہ 3 نمبر24)



کوئٹہ، سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، ڈائریکٹر کلچر ڈاکٹر داؤد ترین، ڈی جی خانہ فرہنگ ایران ابوالحسن میری و دیگر کلچر ڈیپارٹمنٹ کے زیر اہتمام بلوچی کے نامور شاعر و ادیب سید ظہور شاہ ہاشمی کی صد سالہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں